DAILY POWER OF PAKISTAN

گجرات، گوجرانوالہ، سیالکوٹ، لاہور، اسلام آباد کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار

روزنامہ پاور آف پاکستان اسلام آباد

چیف ایڈیٹر: مرزا حماد علی

ایگزیکٹو ایڈیٹر: عمیر سندھو

جلد: 02 | جمعرات 09 اکتوبر 2025ء 14 ربیع الثانی 1447ھ صفحات 04 قیمت 20 روپے | شمارہ: 58

بھارت کوئی طیارہ نہیں گرا سکا چینی ہتھیار توقعات پر پورا اترے، ترجمان پاک فوج

پاک فضائیہ نے چینی ساختہ پی ایل- 15 میزائل کا کامیاب استعمال کرتے ہوئے بھارتی جنگی طیاروں کو مار گرایا تھا

ہماری فوجی ترقی کی حکمتِ عملی ہمیشہ مثبر اور کارآمد نظاموں اور ملکی پاکستانی ٹیکنالوجی کو شامل کرنے پر مرکوز رہی ہے، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے واضح کیا ہے کہ معرکہ حق (بقیہ نمبر 1)

لاہور: صوبائی وزیر بلدیات ذیشان رفیق پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

صہیونی ریاست اسرائیل کا وجود عالمی امن کے لیے مستقل خطرہ ہے، لیاقت بلوچ

حیدرآباد (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان و سابق پارلیمانی لیڈر لیاقت بلوچ نے کہا (بقیہ نمبر 2)

عمران خان کیخلاف 9 مئی جی ایچ کیو حملہ کیس کا جیل ٹرائل بحال، نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے بانی عمران خان کے خلاف 9 مئی جی ایچ کیو (بقیہ نمبر 3)

کوالالمپور: وزیراعظم محمد شہباز شریف ملائیشیا کی بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی میں خطاب کر رہے ہیں۔

صدر زرداری سے محسن نقوی کی ملاقات

اتحادی جماعتوں کے درمیان رابطوں کو مزید موثر بنانے پر اتفاق

کراچی (این این آئی) صدر آصف علی زرداری نے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کو پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کے درمیان سیاسی کشیدگی میں کمی کے لیے کردار ادا کرنے کی ہدایت کردی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے بلاول ہاؤس کراچی میں صدر پاکستان آصف علی زرداری (بقیہ نمبر 4)

پاکستان، چین، روس اور ایران کا افغانستان میں دہشتگردوں کی موجودگی پر پھر اظہار تشویش

اسلام آباد/ ماسکو (این این آئی) پاکستان نے چین، روس اور ایران کے (بقیہ نمبر 5)

فلسطین اور مقبوضہ جموں و کشمیر کے مسائل حل کیے بغیر امن ممکن نہیں، پاکستان

نوآبادیاتی نظام کا خاتمہ صرف ماضی کا باب نہیں، آج بھی دنیا کے کئی خطے ایسے ہیں جہاں اقوام غیر ملکی تسلط کا سامنا کر رہی ہیں، عاصم افتخار

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ فلسطین اور مقبوضہ جموں و کشمیر کے مسائل کے بغیر امن ممکن نہیں، اقوام متحدہ مسائل کے حل کے لیے آگے آئے۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں نوآبادیاتی نظام کے خاتمہ سے متعلق کمیٹی کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے عاصم افتخار نے دنیا کی توجہ فلسطین اور جموں و کشمیر کے عوام کو درپیش غیر ملکی قبضے اور ان کے (بقیہ نمبر 6)

بابا گورونانک دیو جی کے 556 ویں جنم دن کی تقریبات

بھارت سے 3 ہزار سکھ یاتری پاکستان آئیں گے

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر اقلیتی امور/ پردھان پاکستان سکھ گوردوارہ پربندھک کمیٹی رمیش سنگھ اروڑہ کی زیر صدارت بابا گورونانک دیو جی کے 556 ویں جنم دن کی تقریبات کے سلسلے میں محکمہ داخلہ پنجاب میں ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ ایڈیشنل سیکرٹری (بقیہ نمبر 7)

عظمیٰ بخاری کی مبینہ نامناسب ویڈیو کیس کا معاملہ، ٹرائل کورٹ سے رپورٹ طلب

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری کی مبینہ نامناسب ویڈیو کیس میں (بقیہ نمبر 8)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نئے سینیٹیشن فلیٹ کی افتتاحی تقریب اور تھرا پنجاب "ایپ کے اجراء کے موقع پر شرکاء سے خطاب کر رہی ہیں۔

پنجاب کی ترقی سے جلنے والوں کے دماغوں کی صفائی بھی کر رہی ہوں، مریم نواز

مریم نواز شریف کی ستھرا پنجاب کے ورکرز کو شاباش، سیلاب متاثرہ علاقوں میں امدادی سرگرمیوں پر رضاکاروں کو خراج تحسین

سیلاب کے دوران ستھرا پنجاب کی ٹیم انسانی زنجیر بنا کر سیلابی ریلے کو روک رہے تھے، ریسکیو کا کام ستھرا پنجاب کی ٹیم کا نہیں تھا لیکن انسانی ہمدردی کے پیش نظر دن رات کام کیا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ستھرا پنجاب کی تقریب سے خطاب کیا اور اہم اعلانات کیے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ستھرا پنجاب کے ڈیڑھ لاکھ ورکرز کیلئے راشن کارڈ لانچ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ستھرا پنجاب کے ورکرز کو شاباش دی اور کہا کہ ستھرا پنجاب کی ٹیم کی وردی پہن کر فخر محسوس ہو رہا ہے۔ ستھرا پنجاب کے تمام ہیروز کو سلام پیش کرتی ہوں۔ اگر بطور وزیراعلیٰ میں کمانڈوز کی وردی پہن سکتی ہوں تو ستھرا پنجاب ٹیم کی وردی کیوں نہیں پہن سکتی۔ پولیس، کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز سب انتظامیہ میری فورس کا (بقیہ نمبر 10)

مولانا فضل الرحمان کا وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کو ہٹانے کا مطالبہ



اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علما اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے (بقیہ نمبر 11)

شبلی فراز کی نااہلی، سینیٹ کی خالی جنرل نشست پر انتخاب کیلئے شیڈول جاری

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے سینیٹ کی خالی ایک جنرل نشست کے لیے شیڈول جاری کر (بقیہ نمبر 12)

صنم جاوید کے مبینہ اغوا کا مقدمہ پشاور کے تھانا شرقی میں درج

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی رہنما صنم جاوید کے مبینہ اغوا کا مقدمہ پشاور کے (بقیہ نمبر 13)

سندھ پر بہت معافیاں ادھار ہیں، مریم کس چیز کی معافی مانگیں، عظمیٰ بخاری

سندھ کا مسئلہ کیا ہے؟ سندھ کو پنجاب کے معاملات میں کیوں گھسنا ہے؟ شروع پی پی نے کیا ختم بھی ان کے بس میں ہے، انٹرویو

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ اگر معافی تلافی کا معاملہ ہے تو سندھ حکومت کی طرف سے بہت معافیاں ادھار ہیں اور وزیراعلیٰ پنجاب کس چیز کی معافی مانگیں؟ شروع بھی انہوں نے کیا تھا، ختم کرنا بھی ان کے بس میں ہے۔ نجی ٹی وی سے (بقیہ نمبر 14)

پولیس اہلکاروں و اہل خانہ کے علاج معالجے کیلئے 19 لاکھ روپے فنڈز جاری

پولیس ملازمین، ریٹائرڈ افسران اور اہل خانہ کو میڈیکل فنانشل اسسٹنس کمیٹی کی سفارش پر مالی معاونت

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اپنی فورس اور ان کے اہل خانہ کی ہیلتھ ویلفیئر کیلئے پرعزم ہیں، اسی تسلسل میں آئی جی پنجاب نے پولیس ملازمین، ریٹائرڈ افسران اور ان کے اہل خانہ کے علاج معالجے کے لیے مزید 19 لاکھ روپے فنڈز جاری کیے (بقیہ نمبر 9)

سموگ ہمارے رویوں کی تبدیلی سے کم ہو سکتی ہے، مریم اورنگزیب

سموگ کے سدباب کیلئے ڈیٹا، ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت فور کاسٹنگ، مانیٹرنگ سسٹم، مشینری کو مربوط انداز میں استعمال کیا گیا

لاہور (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر پنجاب مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ بارش اور ہوا کے باعث آلودگی میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی، اسموگ نگرانی اور پیشگی سسٹم کے مطابق دن بھر لاہور کا ایئر کوالٹی انڈیکس 95 سے 145 کے درمیان رہا، دن کے آغاز پر صبح 5 بجے لاہور کا اے کیو آئی 90 ریکارڈ ہوا، درجہ حرارت 17 ڈگری سینٹی گریڈ اور ہوا کی رفتار 9 کلومیٹر فی گھنٹہ رہی۔ دوپہر اور شام کے دوران ہوا کی رفتار میں (بقیہ نمبر 28)

لاہور: چیئرمین وزیراعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان لاہور کالج برائے خواتین میں منعقدہ کلائمیٹ گالا کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں۔

انسپکٹر عہدے پر ترقی پانے والے افسران کو پروموشن رینک لگانے کی تقریب

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر انسپکٹر عہدے پر ترقی پانے والے افسران کو پروموشن رینک لگانے کی تقریب سنٹرل پولیس آفس میں منعقد کی گئی۔ آئی جی پنجاب نے پروموٹ ہونے والے 61 افسران کو انسپکٹر کے رینک لگائے جس میں بہاولپور ریجن کے 31 اور ملتان ریجن (بقیہ نمبر 29)

اسلام آباد ہائیکورٹ، عمران خان کے وکیل کی ٹرائل کورٹ کو توشہ خانہ ٹو کا فیصلہ سنانے سے روکنے کی استدعا

اسلام آباد (این این آئی) عمران خان کے وکیل نے اسلام آباد ہائیکورٹ سے ٹرائل کورٹ کو توشہ خانہ ٹو کیس کا فیصلہ سنانے سے روکنے کی استدعا کردی۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے جسٹس راجہ انعام امین منہاس نے عمران خان اور بشریٰ بی بی کی توشہ خانہ ٹو کیس میں بریت کی درخواستوں پر سماعت کی جس دوران وکیل بیرسٹر سلمان صفدر نے دلائل دیے۔ سلمان صفدر نے کہا (بقیہ نمبر 30)

محسن نقوی کا ایگزیکٹو پاسپورٹ آفس ڈیفنس کا دورہ، بہتر انتظامات پر اظہار اطمینان

پاسپورٹ بنوانے کے لئے آئے شہریوں سے ملاقات، صرف 5 منٹ میں باری آجاتی ہے، شہریوں کا اظہار اطمینان

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ایگزیکٹو پاسپورٹ آفس ڈیفنس کا اچانک دورہ کیا اور پاسپورٹ بنوانے کے لئے آئے شہریوں سے ملاقات کی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے شہریوں سے پاسپورٹ بنوانے کے عمل اور وقت پر ڈیلیوری کے بارے میں استفسار کیا۔ شہریوں نے پاسپورٹ بنوانے کے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا اور کہا کہ صرف 5 منٹ میں باری آجاتی ہے اور پاسپورٹ بنوانے کا پراسیس بھی فوری مکمل ہوتا ہے، پہلے کئی کئی گھنٹے انتظار (بقیہ نمبر 31)

امریکہ نے اسرائیل کو اہل غزہ کے قتل عام کا لائسنس دیا، حافظ نعیم الرحمن

حماس کی مزاحمت، صبر، سفارت کاری کو سلام، غزہ میں دو سال سے جاری صہیونی جارحیت نے پوری انسانیت کو جھنجھوڑ کے رکھ دیا

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ امریکہ نے اسرائیل کو فلسطینیوں کے قتل عام کا لائسنس جاری کیا ہوا ہے، اسلامی ممالک بالخصوص پاکستان کی جانب سے مسئلہ فلسطین کے حل کے لیے قائدانہ کردار ادا کیا جائے، ٹرمپ کی خوشامد کی بجائے امت کے جذبات کی باوقار انداز میں ترجمانی ہونی چاہیے۔ غزہ پر صہیونی جارحیت کے دو سال مکمل ہونے پر اپنے ویڈیو پیغام میں اور (بقیہ نمبر 32)

لاہور: وزیر اقلیتی امور پنجاب رمیش سنگھ اروڑہ بابا گورونانک دیو جی کے 556 ویں جنم دن کی تقریبات کے انتظامات بارے اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

بارشیں، ستلج میں گنڈا سنگھ، راوی میں سدھنائی پر نچلے درجے کا سیلاب

لاہور (این این آئی) پراونشل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی پنجاب نے بارشوں کے باعث دریاؤں کے بہاؤ میں اضافے کا الرٹ جاری کر دیا، ستلج اور راوی میں پھر نچلے درجے کے سیلاب آ گئے۔ ترجمان پی ڈی ایم اے نے بتایا کہ دریائے جہلم میں منگلا اپ اسٹریم میں (بقیہ نمبر 33)

متنازع ٹویٹ کیس، ایمان مزاری، ہادی علی کو آئندہ سماعت پر فرد جرم کا جواب دینے کی ہدایت

اگر اگلی سماعت پر ہادی علی چٹھہ کا وکیل نہیں ہوگا تو سرکاری وکیل مقرر کر دیا جائے گا، جج کے ریمارکس

اسلام آباد (این این آئی) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد نے متنازع ٹویٹ کیس میں ایمان مزاری اور انکے شوہر ہادی علی چٹھہ کو اگلی سماعت پر فرد جرم کا جواب دینے کی ہدایت کر دی۔ جج محمد افضل مجوکہ نے کیس پر سماعت کی۔ ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ عدالت میں پیش ہوئے۔ ایمان مزاری اور ہادی علی کی جانب سے وکلاء کی عدم دستیابی پر (بقیہ نمبر 35)

سی سی ڈی لاہور کے تین مبینہ مقابلوں میں 4 ملزمان ہلاک

لاہور (این این آئی) سی سی ڈی کے شادباغ، ہربنس پورہ اور ٹاؤن شپ میں مبینہ پولیس مقابلوں میں 4 ملزمان ہلاک (بقیہ نمبر 34)

شادباغ پولیس کی کارروائی، چیک چوری کر کے کیش کروانے والا ملزم گرفتار

ملزم نے متعدد بینکوں سے چیک چوری کر کے کیش کروانے کی کوشش کی تھی، پولیس

لاہور (این این آئی) شادباغ پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے چیک چوری کرنے والے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزم نے متعدد بینکوں سے چیک چوری کر کے کیش کروانے کی کوشش کی تھی، پولیس کی فوری کارروائی نے نجی بینک کو 1 کروڑ 98 لاکھ روپے (بقیہ نمبر 36)

چیئرپرسن وزیراعلیٰ پنجاب انسپکشن بابر علاؤالدین کا بہاولنگر کے مختلف دریائی اور دیہی علاقوں کا دورہ

مکان پتن نورے والا بند کا معائنہ کیا، حفاظتی انتظامات، بند کی مضبوطی اور ممکنہ خطرات کے تدارک کیلئے اقدامات کا جائزہ لیا

لاہور (این این آئی) چیئرپرسن وزیراعلیٰ پنجاب انسپکشن، سروئیلنس و مانیٹرنگ ڈائریکٹوریٹ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین نے ضلع بہاولنگر کے مختلف دریائی اور دیہی علاقوں کا دورہ کیا۔ انہوں نے خصوصی طور پر مکان پتن نورے والا بند کا معائنہ کیا اور حفاظتی انتظامات، بند کی مضبوطی اور ممکنہ خطرات کے تدارک کے لیے کیے گئے اقدامات کا جائزہ لیا۔ بریگیڈیئر بابر علاؤالدین نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت ہے کہ عوام کے جان و مال کے (بقیہ نمبر 17)

سموگ کے تدارک کیلئے محکمہ داخلہ پنجاب کا اہم اقدام

پنجاب یونیورسٹی میں پنجاب چیریٹیز کمیشن اور سول ڈیفنس کے اشتراک سے خصوصی ورکشاپ کا انعقاد

لاہور (این این آئی) سموگ کے تدارک کیلئے محکمہ داخلہ پنجاب کا اہم اقدام، پنجاب یونیورسٹی شعبہ سوشل اینڈ کلچر سٹڈیز میں خصوصی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق ایک روزہ ورکشاپ پنجاب چیریٹیز کمیشن، سول ڈیفنس اور جامعہ پنجاب کے اشتراک سے منعقد کی گئی۔ ورکشاپ میں پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود، چیف ایگزیکٹیو آفیسر چیریٹیز کمیشن کرنل شہزاد عامر اور ڈائریکٹر سول ڈیفنس تسنیم علی خاں، ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل (بقیہ نمبر 18)

لاہور: صوبائی وزیر زراعت و چیئرمین سید عاشق حسین کرمانی پنجاب سیڈ کارپوریشن کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے 124 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

پولیس اہلکاروں و اہل خانہ کے علاج معالجے کیلئے 19 لاکھ روپے فنڈز جاری

پولیس ملازمین، ریٹائرڈ افسران اور اہل خانہ کو میڈیکل فنانشل اسسٹنس کمیٹی کی سفارش پر مالی معاونت

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اپنی فورس اور ان کے اہل خانہ کی ہیلتھ ویلفیئر کیلئے پرعزم ہیں، اسی تسلسل میں آئی جی پنجاب نے پولیس ملازمین، ریٹائرڈ افسران اور ان کے اہل خانہ کے علاج معالجے کے لیے مزید 19 لاکھ روپے فنڈز جاری کیے ہیں۔ ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ کانسٹیبل محمد مزمل کو علاج معالجے کیلئے 05 لاکھ روپے فنڈز جاری کیے گئے۔ کانسٹیبل محمد عظیم کو کینسر کے علاج کے لیے 05 لاکھ روپے دیے گئے۔ (بقیہ نمبر 19)

اے آئی انٹرپرائز پروڈکٹ پروگرام کا باضابطہ افتتاح

وزیراعظم یوتھ پروگرام کے تحت نوجوانوں کے لئے مزید پروگرام متعارف کرائے جائیں گے، رانا مشہود احمد خاں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور تکنیکی ترقی کے لیے ایک اہم سنگ میل کے طور پر وزیراعظم یوتھ پروگرام (پی ایم وائی پی) کے چیئرمین رانا مشہود احمد خاں نے سٹینفورڈ یونیورسٹی اور نیشنل ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ کمیشن (نیوٹیک) کے اشتراک سے اے آئی انٹرپرائز پروڈکٹ پروگرام کا باضابطہ آغاز کیا۔ یہ اقدام ایک (بقیہ نمبر 21)

مس نبیلہ عرفان سپیشل سیکرٹری (آپریشنز) محکمہ صحت تعینات

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے گریڈ 19 کی افسر ڈائریکٹر لاہور میوزیم مس نبیلہ عرفان کو سپیشل سیکرٹری (آپریشنز) سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن تعینات کر دیا۔ اس عہدے پر تعینات طارق محمود 15 اکتوبر (بقیہ نمبر 20)

لاہور: چیئرپرسن ویمن پروٹیکشن اتھارٹی حنا پرویز بٹ ایک ماہ قبل جنرل ہسپتال سے اغوا ہونے والے بچی کی والدہ سے خیریت دریافت کر رہی ہیں۔

لاہور ہائیکورٹ میں اینٹی ریپ ایکٹ پر عملدرآمد سے متعلق کیس کی کازلسٹ منسوخ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں اینٹی ریپ ایکٹ پر عملدرآمد سے متعلق کیس کی کازلسٹ منسوخ کردی گئی۔ نئی تاریخ آئندہ کازلسٹ کے اجرا کے بعد مقرر کی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق عدالت کی منگل کے روز کی کازلسٹ منسوخ کر دی گئی، جس کے باعث کیس (بقیہ نمبر 16)

لیسکو میں سنگل فیز میٹرز کا بحران، صارفین کو مارکیٹ سے میٹرز خریدنے کی اجازت

صارفین این او سی حاصل کر کے لیسکو کے منظور شدہ مینوفیکچررز سے سنگل فیز میٹرز کی خریداری کر سکیں گے

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) میں سنگل فیز میٹرز کے بحران پر قابو پانے کا فیصلہ کر لیا گیا، کمپنی نے صارفین کو مارکیٹ سے میٹرز خریدنے کی اجازت دیدی، صارفین لیسکو کے منظور شدہ مینوفیکچررز سے سنگل فیز میٹرز کی خریداری کر سکیں گے، صارفین کو اے ایم آئی سمارٹ میٹرز کی خریداری کے لئے این او سی جاری کیا جائے گا۔ این او سی کے تحت صارفین مارکیٹ سے سنگل فیز سمارٹ میٹرز خرید سکیں گے، لیسکو کے شعبہ میٹریل مینجمنٹ نے (بقیہ نمبر 15)

لاہور: وائس چیئرپرسن اوورسیز پاکستانیز کمیشن پنجاب بیرسٹر امجد ملک محکمانہ کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

آئی ایم ایف کی رپورٹ شارٹ فال پورا کرنے کیلئے اضافی ٹیکس لگانے کی تجویز

مذاکرات میں میمورنڈم آف اکنامک اینڈ فنانشل پالیسیز کے مسودے کو حتمی شکل دینے پر غور کیا گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) عالمی مالیاتی ادارہ (آئی ایم ایف) نے علاقائی کشیدگی میں ممکنہ اضافے کو معیشت کے لیے خطرناک قرار دے دیا ہے اور رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں 194 ارب روپے کا لگ بھگ ریونیو شارٹ فال پورا کرنے کے لیے اضافی ٹیکس کی تجویز دے دی ہے۔ پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان دوسرے اقتصادی جائزے کے سلسلے میں پالیسی سطح کے مذاکرات اختتامی مرحلے میں داخل ہو گئے ہیں

سنٹرل پولیس آفس میں انسپکٹر عہدے پر ترقی پانے والے افسران کو پروموشن رینک لگانے کی تقریب

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایت پر انسپکٹر عہدے پر ترقی پانے والے افسران کو پروموشن رینک لگانے کی تقریب سنٹرل پولیس آفس میں منعقد کی گئی۔ آئی جی پنجاب نے پروموٹ ہونے والے 61 افسران کو انسپکٹر کے رینک لگائے (بقیہ نمبر 23)

جوائنٹ ایکشن کمیٹی کا چارٹر آف ڈیمانڈ وزارتِ داخلہ کے حوالے

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل پریس کلب پر حملے کے خلاف قائم جوائنٹ ایکشن کمیٹی نے اپنا چارٹر آف ڈیمانڈ وزارتِ داخلہ کے حوالے کر دیا۔ وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا کہ چارٹر آف ڈیمانڈ کی روشنی میں ملک بھر کے پریس کلبز کی سیکیورٹی یقینی بنائی جائے گی۔ تفصیلات کے مطابق نیشنل پریس کلب (بقیہ نمبر 24)

زہری میں کرفیو میں نرمی، بازار جزوی طور پر کھل گیا

زہری (این این آئی) سیکیورٹی فورسز کی جانب سے علاقے کو کلیئر کرنے کے بعد زہری میں امن و امان کی بحالی کے لیئے کوششیں تیز کر دی گئی ہیں۔ حکام نے کرفیو میں نرمی کا اعلان کیا، جس کے بعد مقامی بازار جزوی طور پر کھل گیا۔ شہریوں نے روزمرہ کی ضروریات کے (بقیہ نمبر 26)

سندھ و پنجاب حکومتوں میں کشیدگی، صدر کی طلبی پر وفاقی وزیر داخلہ کراچی پہنچ گئے

کراچی پہنچنے کے بعد وزیر داخلہ کی سندھ کے وزرا سے ملاقات، ضیاء الحسن لنجار کے گھر جا کر ان کی والدہ کے انتقال پر تعزیت کی

کراچی (این این آئی) سندھ اور پنجاب حکومت کے درمیان ہونے والی کشیدگی کو ختم کرنے کے لیے صدر مملکت کی طلبی پر وزیر داخلہ محسن نقوی کراچی پہنچ گئے۔ کراچی پہنچنے کے بعد وزیر داخلہ کی سندھ کے وزرا سے ملاقات ہوئی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے سندھ کے وزیر داخلہ ضیاء الحسن لنجار کے گھر جا کر ان کی والدہ کے انتقال پر تعزیت کی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر (بقیہ نمبر 22)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق، نواز شریف انسٹی ٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ کی سائٹ پر جاری پیش رفت کا جائزہ لے رہے ہیں۔

امریکی کمپنی کا پاکستان کو فضا سے فضا میں مار کرنے والے میزائل فروخت کرنے کا فیصلہ

معاہدے میں ترمیم کے تحت پاکستان کو ان ممالک کی فہرست سے شامل کیا گیا ہے جو یہ میزائل خریدیں گے

اسلام آباد (این این آئی) امریکا کی دفاعی کمپنی ریتھیون نے اپنے معاہدے میں ترمیم کے بعد پاکستان کو جدید درمیانی فاصلے کے فضا سے فضا میں مار کرنے والے میزائل (AMRAAM) فروخت کرنے کا فیصلہ کیا ہے، معاہدے میں ترمیم کے تحت پاکستان کو ان ممالک کی فہرست میں شامل کیا گیا ہے جو یہ میزائل خریدیں گے۔ نجی ٹی وی کے مطابق گزشتہ ہفتے امریکی وزارتِ دفاع کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز میں کہا گیا کہ ریتھیون کو پہلے سے دیے گئے (بقیہ نمبر 25)

سیلاب کی وجہ سے 60 ہزار بچوں کا تعلیمی سلسلہ منقطع ہوا، وزیر تعلیم پنجاب

یونیسیف کی مدد سے ٹینٹ سکولز بنا رہے، 90 دن میں سکول عمارات کی بحالی یقینی بنائیں گے، رانا سکندر حیات

لاہور (این این آئی) وزیر تعلیم پنجاب رانا سکندر حیات نے کہا ہے کہ سیلاب کی وجہ سے 60 ہزار بچے سکول نہیں جا پا رہے، 415 سکولوں میں فلڈ ریلیف کیمپس قائم ہیں جہاں ہزاروں متاثرین تاحال پانی گزین ہیں۔ دوسری جانب 100 کے قریب سکول کی عمارات کو شدید نقصان پہنچا ہے جس کی وجہ سے وہاں تعلیمی سلسلہ جاری رکھنا کسی صورت ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ لرننگ لاسز کم کرنے کیلئے نہ (بقیہ نمبر 27)

ویمنز ورلڈ کپ، بھارت کیخلاف میچ میں سدرہ امین کی کوڈ آف کنڈکٹ کی خلاف ورزی پر سرزنش

سری لنکا (سپورٹس ڈیسک) پاکستانی بیٹر سدرہ امین نے سری لنکا کے دارالحکومت کولمبو میں ویمنز ورلڈ کپ کے دوران بھارت کے خلاف میچ میں آٹ ہونے کے بعد بلا زمین پر دے مارا تھا جسے آئی سی سی نے کوڈ آف کنڈکٹ کی خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے پاکستانی کھلاڑی کی سرزنش کردی۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان کی نمایاں بلے باز سدرہ امین کو بھارت کے خلاف کولمبو میں کھیلے گئے آئی سی سی ویمنز کرکٹ ورلڈ کپ 2025 کے میچ کے دوران ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی پر سرزنش کی گئی ہے۔ اتوار کے روز بھارت نے پاکستان کو 88 رنز سے شکست دی تھی، سدرہ امین نے شاندار 81 رنز بنائے، وہ بھارت کے خلاف خواتین کی ون ڈے انٹرنیشنل میں چھکا مارنے والی پہلی پاکستانی بلے باز بھی بن گئیں۔ دائیں ہاتھ کی بلے باز پر آرٹیکل 2.2 کی خلاف ورزی کا الزام عائد کیا گیا، جو کھلاڑیوں یا معاون عملے کی جانب سے بین الاقوامی میچ کے دوران کرکٹ کے سامان، کپڑوں، گراؤنڈ کے آلات یا دیگر اشیا کے غلط استعمال سے متعلق ہے۔

امریکی شہر منٹگمری میں فٹبال میچ کے بعد فائرنگ، 2 افراد ہلاک، 14 زخمی

منٹگمری (این این آئی) امریکا میں ایک اور فائرنگ کا افسوسناک واقعہ پیش آیا ہے۔ ریاست الاباما کے شہر منٹگمری میں فٹبال میچ کے بعد ہونے والی فائرنگ کے نتیجے میں 2 افراد ہلاک اور 14 زخمی ہوگئے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق، ہلاک ہونے والوں میں ایک 43 سالہ خاتون اور 17 سالہ لڑکا شامل ہیں، جب کہ زخمیوں میں سے 5 کی حالت تشویشناک بتائی جا رہی ہے۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کا واقعہ ہفتہ اور اتوار کی درمیانی شب شہر کے نائٹ لائف ڈسٹرکٹ میں پیش آیا۔ واقعہ اس وقت شروع ہوا جب دو جامعات کی فٹبال ٹیموں کے درمیان ہونے والے میچ کے بعد تکرار جھگڑے میں بدل گئی، جس کے فوراً بعد متعدد افراد نے ہتھیار نکال کر اندھا دھند فائرنگ شروع کردی۔ پولیس چیف نے میڈیا سے گفتگو میں بتایا کہ ابتدائی تحقیقات کے مطابق ہجوم میں کسی ایک شخص کو نشانہ بنایا گیا تھا۔

پریمئر سپر کرکٹ لیگ کے 9 ویں ایڈیشن کا آغاز 11 اکتوبر سے ہوگا

لاہور (این این آئی) پریمئر سپر کرکٹ لیگ کے 9 ویں ایڈیشن کا آغاز 11 اکتوبر سے ہوگا جس میں 12 ٹیمیں شریک ہوں گے۔ پریمئر سپر لیگ میں شریک شریک ٹیموں کے اعزاز میں مقامی ہوٹل میں تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں ڈی آئی جی عمران کشور نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ ایونٹ کے چیف آرگنائزر فہیم مختار بٹ نے بتایا کہ پریمئر سپر لیگ کا 9 واں ایڈیشن 11 اکتوبر سے لاہور کی مختلف گراؤنڈز میں شروع ہوگا، تمام میچز ہفتہ اور اتوار کے روز کھیلے جائیں گے۔ پریمئر سپر لیگ میں شامل 12 ٹیموں کو دو گروپس میں تقسیم کیا گیا ہے۔

سلمان پر سلیکٹرز و کوچ مہربان، بورڈ کارکردگی سے پریشان

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ٹی 20 کپتان سلمان علی آغا پر سلیکٹرز و کوچ مہربان ہیں، البتہ بورڈ کارکردگی سے پریشان نظر آتا ہے، ان کی قیادت کے حوالے سے مشاورت جاری ہے۔ سلیکشن کمیٹی اور مائیک ہیسن تسلسل برقرار رکھنے کے حق میں ہیں، ان کے مطابق ورلڈ کپ سے چند ماہ قبل ایک بار پھر تبدیلی مناسب نہ ہوگی۔ دوسری جانب بطور بیٹر ایشیا کپ کے 7 میچز میں 72 رنز بنانے والے سلمان کی میرٹ پر ٹیم میں ہی جگہ نہیں بنتی، حکام بطور کپتان ان کے ایشیا کپ فائنل سمیت بعض فیصلوں سے بھی خوش نہیں ہیں۔ بطور متبادل شاہین آفریدی کا نام سامنے آگیا مگر سلیکٹرز اور کوچ اس سے اتفاق نہیں کرتے، انھوں نے بابر اعظم کی بھی ٹی ٹوئنٹی میں واپسی پر اعتراض جڑ دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان نے گو کہ یو اے ای میں منعقدہ ایشیا کپ کا فائنل کھیلا مگر بھارت سے تین شکستوں کی وجہ سے ٹیم خصوصاً کپتان سلمان علی آغا شدید تنقید کی زد میں ہیں، بطور بیٹر بھی ان کی کارکردگی مایوس کن رہی۔ انھوں نے 7 میچز میں 72 رنز 12 کی اوسط سے بنائے، اسٹرائیک ریٹ بھی محض 80.89 رہا، حکام بطور کپتان سلمان کے ایشیا کپ فائنل سمیت بعض فیصلوں سے بھی خوش نہیں ہیں۔ مجموعی طور پر ان کی زیر قیادت گرین شرٹس 30 میں سے 17 میچز میں فتحیاب رہے جبکہ 13 میں ناکامی کا سامنا کیا، انھوں نے اس دوران 4 فٹفیز کی مدد سے 557 رنز بنائے۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ دنوں میٹنگ میں جب سلمان کی کارکردگی زیر بحث آئی تو سلیکٹرز نے دفاع کرتے ہوئے بھارتی قائد سوریا کمار یادو کی مثال دی جو ایشیا کپ کے 7 میچز میں 18 کی اوریج سے 72 رنز ہی بنا سکے تھے۔ کوچ مائیک ہیسن کا بھی خیال ہے کہ فیصلوں میں تسلسل ہونا چاہیے، کپتان اور ٹیم کو وقت دیں تو مثبت نتائج سامنے آنے لگیں گے۔ ذرائع نے بتایا کہ بورڈ نے شاہین آفریدی کو بھی دوبارہ قیادت سونپنے پر غور کیا لیکن سلیکٹرز اور کوچ اس کے حق میں نہیں ہیں۔

امریکی شطرنج چیمپئین کے ہاتھوں بھارتی چیمپئین کی تذلیل، بھارتیوں کو مرچیں لگ

میچ کے اختتام پر ناکامورا نے گکیش کی بساط سے 'بادشاہ' کو اٹھا کر تماشائیوں کی جانب پھینک دیا' سوشل میڈیا پر ہنگامہ

واشنگٹن (این این آئی) بین الاقوامی شطرنج کے حال ہی میں ہونے والے چیک میٹ ٹورنامنٹ میں امریکی شطرنج چیمپئین ہیکارو ناکامورا نے بھارت کے عالمی چیمپئین ڈی گکیش کو اپنے شاندار کھیل سے شکست دے دی۔ میچ کے اختتام پر ناکامورا نے گکیش کی بساط سے 'بادشاہ' کو اٹھا کر تماشائیوں کی جانب پھینک دیا۔ ناکامورا کی اس حرکت نے سوشل میڈیا پر ہنگامہ کھڑا کردیا اور یہ واقعہ بھارتی شائقین کے لئے شدید غصے کا باعث بن گیا۔ چیک میٹ ٹورنامنٹ کا پہلا مرحلہ امریکا آہلنڈ میں ہوا جہاں امریکا نے بھارت کو پانچ میں سے پانچ میچز میں شکست دے کر اپنی بالادستی کا مظاہرہ کیا۔ اس دوران ناکامورا نے گکیش کے خلاف بے مثال کھیل پیش کیا اور بالآخر کامیابی حاصل کی۔ میچ ختم ہونے پر ناکامورا نے گکیش کا بادشاہ اٹھایا اور بڑے جوش و خروش سے اسے تماشائیوں میں پھینک دیا۔ گکیش بھی خود کچھ پریشان اور حیران دکھائی دیے۔ اس رویے پر بھارتی شائقین چراغ پا ہوگئے اور ان کی طرف سے شدید تنقید کی گئی۔ اگرچہ یہ عمل اچانک اور بے ساختہ معلوم ہوا، لیکن بہت سے مداحوں نے اسے بے عزتی اور غیر ضروری حرکت قرار دیا۔ جب بھارتی شائقین نے ہیکارو ناکامورا پر تنقید شروع کی تو مقابلے میں شریک ایک اور کھلاڑی 'لیوی روزمین' نے وضاحت دی۔



اپنی ریٹائرمنٹ واپس لینے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتا، محمد عامر نے بتا دیا

کراچی (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق فاسٹ بولر محمد عامر نے انٹرنیشنل کرکٹ میں ممکنہ واپسی کی خبروں پر خاموشی توڑتے ہوئے واضح کردیا کہ وہ اپنی ریٹائرمنٹ واپس لینے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتے۔ ایک ویڈیو پیغام میں محمد عامر نے کہا کہ گزشتہ چند دنوں سے یہ خبریں گردش کر رہی ہیں کہ میں دوبارہ انٹرنیشنل کرکٹ میں واپسی کر رہا ہوں، تاہم ان خبروں میں کوئی صداقت نہیں۔ انہوں نے کہا کہ دو تین دن سے سن رہا ہوں کہ محمد عامر کم بیک کر رہے ہیں اور ریٹائرمنٹ واپس لے رہے ہیں، ایسا کوئی معاملہ نہیں، میری کسی سے واپسی یا ریٹائرمنٹ واپس لینے پر کوئی بات نہیں ہوئی، اور نہ ہی میرا کوئی ایسا ارادہ ہے، میں نے جو فیصلہ کیا تھا وہ حتمی ہے۔ عامر نے مزید کہا کہ اگرچہ مداح چاہتے ہیں کہ میں دوبارہ کھیلوں، مگر پاکستان کرکٹ کو آگے بڑھنے کی ضرورت ہے، نوجوان کھلاڑیوں کو مستقل مواقع ملنے چاہئیں، تب ہی اگلے دو تین سال میں ایک مضبوط ٹیم تیار ہوگی۔

روہت شرما کو ون ڈے کپتانی سے کیوں ہٹایا گیا' تفصیلات آگئیں

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ ٹیم کے بلے باز روہت شرما کو ون ڈے ٹیم کی قیادت سے ہٹانے کا فیصلہ دراصل 'ٹیم کلچر' کو متاثر ہونے سے بچانے کے لیے کیا گیا۔ یہ انکشاف بھارتی میڈیا 'ٹائمز آف انڈیا' کی ایک رپورٹ میں کیا گیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق بورڈ آف کنٹرول فار کرکٹ اِن انڈیا (بی سی سی آئی) نے گزشتہ ہفتے اعلان کیا کہ نوجوان بلے باز شبمن گل کو آسٹریلیا کے خلاف آئندہ تین روزہ سیریز کے لیے ون ڈے فارمیٹ کا کپتان مقرر کیا گیا ہے، جس کے ساتھ ہی روہت شرما کی ون ڈے کپتانی کا دور اختتام پذیر ہوگیا۔ چیف سلیکٹر اجیت اگرکر نے اس حوالے سے کہا کہ تینوں فارمیٹس کے لیے الگ الگ کپتان رکھنا 'عملی طور پر ناممکن' تھا تاہم 'ٹائمز آف انڈیا' کی رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا کہ سلیکٹرز اور ٹیم مینجمنٹ اس بات سے خوفزدہ تھی کہ اگر روہت قیادت جاری رکھتا ہے تو وہ اپنے 'طلسمانہ قیادت' کے مطابق ٹیم کو چلائے گا جس سے ٹیم کلچر متاثر ہوسکتا تھا۔ رپورٹ میں 'بی سی سی آئی' کے ایک ذرائع کے حوالے سے بتایا گیا کہ 'روہت جیسے کھلاڑی کے پاس اگر قیادت ہوتی ہے تو وہ اپنی سوچ کے مطابق ڈریسنگ روم کو چلانے لگتا جس سے ٹیم کے مجموعی کلچر میں بگاڑ کا خدشہ پیدا ہوجاتا ہے۔ رپورٹ میں مزید بتایا گیا کہ ہیڈ کوچ گوتم گمبھیر نے اپنی ابتدائی چھ ماہ کی مدت میں ٹیم کے معاملات میں زیادہ مداخلت نہیں کی تھی لیکن نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا کے خلاف ٹیسٹ سیریز میں شکستوں کے بعد انہوں نے زیادہ مضبوطی سے ٹیم پر گرفت حاصل کی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق گوتم گمبھیر نے ابتدا میں ٹیسٹ اور ون ڈے ٹیمز کے معاملات میں پیچھے رہنے کا فیصلہ کیا تھا مگر مسلسل ناکامیوں نے انہیں متحرک کیا۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ اب روہت شرما اور ویرات کوہلی، شبمن گل کی قیادت میں آسٹریلیا کے خلاف کھیلیں گے، اگرچہ دونوں کھلاڑیوں کے 2027ء کے ورلڈ کپ تک کھیلنے کے امکانات غیر یقینی ہیں لیکن گوتم گمبھیر اور اجیت اگرکر نے فیصلہ کیا ہے کہ وقت سے پہلے قیادت میں تبدیلی بہتر ہوگی۔

ویمنز ورلڈ کپ' منیبہ علی کا متنازع رن آؤٹ، بھارت کو شدید تنقید کا سامنا

کولمبو (این این آئی) ویمنز ورلڈ کپ کے ایک سنسنی خیز میچ میں پاکستان کی اوپنر منیبہ علی کے متنازع رن آؤٹ نے نہ صرف میدان میں کھیل کو کچھ دیر کے لیے روک دیا بلکہ سوشل میڈیا پر بھی بھارت کے خلاف شدید ردعمل سامنے آیا۔ کولمبو کے پریماداسا اسٹیڈیم میں پاکستان کے 248 رنز کے ہدف کے تعاقب میں چوتھے اوور میں بھارتی بولر کرانتی گوڑ کی گیند پر ایل بی ڈبلیو کی اپیل مسترد ہونے کے بعد اچانک ایک غیر معمولی رن آؤٹ کی صورتحال پیدا ہوگئی۔ منیبہ علی نے گیند کھیلنے کے بعد اپنا بیٹ کریز کے اندر زمین پر رکھا تھا، تاہم جیسے ہی بھارتی فیلڈر دیپتی شرما نے سلپ پوزیشن سے گیند اٹھا کر اسٹمپس کی طرف پھینکی، منیبہ نے بغیر کسی دوڑ نے کی کوشش کے اپنا بیٹ دوبارہ ہلکا سا اوپر اٹھالیا، اسی لمحے گیند اسٹمپس سے ٹکرا گئی اور بیلز گر گئیں۔ امپائرز نے معاملہ تھرڈ امپائر کے سپرد کیا، جس کے بعد بڑی اسکرین پر پہلے ناٹ آؤٹ کا اشارہ ظاہر ہوا، مگر چند لمحوں بعد ہی فیصلہ آؤٹ میں تبدیل کردیا گیا جس پر بھارتی کھلاڑیوں نے جشن منایا جبکہ منیبہ علی اور کپتان فاطمہ ثنا امپائرز سے وضاحت مانگتی رہیں۔ موقع پر موجود شائقین اور ناظرین دونوں اس فیصلے سے حیران رہ گئے، کیونکہ آئی سی سی کے قانون کے مطابق اگر کوئی بلے باز اپنی کریز کی جانب دوڑتے یا ڈائیو کرتے وقت زمین سے عارضی طور پر رابطہ کھودے تو اسے آؤٹ قرار نہیں دیا جاتا۔ تاہم منیبہ علی واپس کریز کی جانب قدم بڑھا رہی تھیں، نہ کہ دوڑ رہی تھیں یہی پہلو اس فیصلے کو مزید متنازع بنا گیا۔ رپورٹس کے مطابق تھرڈ امپائر کرن کلاسٹے نے ابتدا میں بیٹ کے دوسرے لفٹ کو نظر انداز کردیا تھا۔

بھارت سے میچ میں متنازع آؤٹ' پاکستانی کپتان نے میچ ریفری کو احتجاج ریکارڈ کرادیا

کولمبو (این این آئی) ویمنز کرکٹ ورلڈ کپ کے دوران پاک بھارت میچ میں متنازع آؤٹ دے دیا گیا۔ منیبہ علی کو تھرڈ امپائر نے متنازع آؤٹ قرار دیا، کپتان فاطمہ ثنا نے امپائر کے فیصلے پر ناراضگی کا اظہار کیا، ذرائع کے مطابق ویمنز کرکٹ ورلڈ کپ کے دوران پاک بھارت میچ میں متنازع آؤٹ دے دیا گیا۔ منیبہ علی کو تھرڈ امپائر نے متنازع آؤٹ قرار دیا، کپتان فاطمہ ثنا نے امپائر کے فیصلے پر ناراضگی کا اظہار کیا میچ ریفری کو احتجاج ریکارڈ کرایا، منیبہ علی کریز میں تھیں جب گیند وکٹوں کو لگا تو بلا ہوا میں تھا۔ آئی سی سی رولز کے مطابق بیٹر ایک بار کریز میں آجائے تو بیٹ ہوا میں ہونے پر ناٹ آؤٹ ہوتا ہے۔

دیپکا پڈوکون کے پیچھے چلتے ہوئے رنبیر کپور اپنی کار بھول گئے

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکار رنبیر کپور اور دیپکا پڈوکون کی ممبئی ایئرپورٹ پر حالیہ ملاقات کے بعد ان کے ایک ساتھ سفر کرنے کی ویڈیو انٹرنیٹ پر وائرل ہوگئی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق بالی ووڈ اداکار رنبیر کپور اور دیپکا پڈوکون گزشتہ صبح ممبئی ایئرپورٹ پر ایک بار پھر ملے، ان کی ملاقات کی کئی تصاویر اور ویڈیوز آن لائن سامنے آئیں، جنہیں دیکھ کر مداح بہت خوش ہوئے، اب ایک اور ویڈیو وائرل ہوئی ہے جس میں دکھایا گیا ہے کہ ایئرپورٹ سے باہر نکلتے ہوئے رنبیر دیپکا کے پیچھے چلتے ہوئے لگ بھگ اپنی گاڑی ہی بھول گئے۔ ایک فین پیج کی جانب سے شیئر کیے گئے ویڈیو کلپ میں رنبیر اور دیپکا کو اپنے سیکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ ایئرپورٹ سے باہر نکلتے دیکھا جا سکتا ہے، جہاں دیپکا آگے چل رہی تھیں جبکہ رنبیر ان کے بالکل پیچھے تھے، جیسے ہی رنبیر کے ڈرائیور نے ان کے لیے کار کا دروازہ کھولا، مگر وہ توجہ دیے بغیر دیپکا کے پیچھے چلتے رہے، جب دیپکا اپنی گاڑی تک پہنچ گئیں، تب رنبیر کو احساس ہوا کہ وہ اپنی گاڑی کے پاس سے گزر چکے ہیں، پھر وہ مڑے اور اپنے اس بھلکڑ پن پر انہیں خود ہی ہنستے دیکھا جا سکتا ہے۔ یہ ویڈیو دیکھ کر ان کے مداح اس پر تبصرے کیے بغیر نہ رہ سکے۔

اشتہار کی ایک دن کی کمائی دیکھ کر اداکار بننے کا فیصلہ کرلیا، نمیر

لاہور (این این آئی) اداکار نمیر خان نے بتایا کہ وہ پہلے آئی ٹی سیکٹر میں نوکری کرتے تھے، لیکن ایک دن کے اشتہار کی کمائی دیکھ کر اسی فیلڈ میں اپنا کیریئر بنانے کا فیصلہ کرلیا۔ نمیر خان نے حال ہی میں احمد علی بٹ کے پوڈکاسٹ میں شرکت کے دوران اپنی زندگی کے دلچسپ اور یادگار واقعات شیئر کیے۔ انہوں نے بتایا کہ لاہور کے علاقے ماڈل ٹاؤن میں وہ دوستوں کے ساتھ رات گئے تک کرکٹ کھیلتے تھے، ایک رات جب وہ تین دوستوں کے ساتھ کھیلنے کی تیاری کر رہے تھے تو تین موٹر سائیکلوں پر سوار چھ لڑکے وہاں آگئے۔ اداکار کے مطابق انہوں نے موبائل اور پرس مانگا، لیکن چونکہ ان کے پاس کچھ نہیں تھا، اس لیے چوروں نے ان کی اور دیگر لڑکوں کی خوب پٹائی کی اور چلے گئے۔ نمیر خان نے مزاحیہ انداز میں کہا کہ لاہور میں یہی ہوتا ہے، لیکن کراچی میں ایسا نہیں ہوتا، یہاں کے چور عزت سے چوری کرتے ہیں۔ اداکار نے بتایا کہ وہ پیشے کے لحاظ سے سافٹ ویئر انجینئر ہیں، وہ اداکاری سے قبل آئی ٹی کے شعبے سے منسلک تھے اور وہ اس وقت بھی کینیڈا سے ماسٹرز کر رہے ہیں۔

پاکستانی فلم دیمک کے پریمیئر شو کی کینیڈا میں پذیرائی، فلم ٹرینڈ سیٹر قرار

اوو کول (این این آئی) جیو فلمز کے اشتراک سے بننے والی فلم دیمک کا کینیڈا میں پریمیئر ہوا جسے دیکھنے والوں نے خوب سراہا۔ جیو فلمز کے اشتراک سے بننے والی ہارر فلم دیمک کا پریمیئر کینیڈا کے شہر اوو کول میں میں ہوا جس میں شائقین فلم نے اسے ایک ٹرینڈ سیٹر قرار دیا جبکہ فلم بینوں نے فلم کے ٹیم ممبرز کے ساتھ تصاویر بھی لیں۔ ٹورنٹو اور کینیڈا کے دیگر شہروں سے پاکستانی کمیونٹی کی کثیر تعداد سینما ہال پہنچی اور فلم پروڈیوسر مراد علی، ڈائریکٹر رافع راشدی، اداکارہ ثمن انصاری اور پریمیئر آرگنائزر فہیم حامد علی کی کاوش کو سراہا۔ پریمیئر میں پاکستانی نژاد کینیڈین سینیٹر سلمیٰ عطاءاللہ جان اور کمیونٹی رہنماں نے بھی شرکت کی جبکہ فلم بینوں نے کہانی، پروڈکشن اور اداکاروں کی پرفارمنس کی خوب تعریف کی اور فلم کو ٹرینڈ سیٹر قرار دیا۔ واضح رہے کہ فلم ''دیمک'' 17 اکتوبر کو کینیڈا بھر کے سینما گھروں میں نمائش کے لیے پیش کی جارہی ہے۔

ٹریوس کیلسی نے شادی پر میرا نظریہ بدل دیا، ٹیلر سوئفٹ

میں نے کبھی شادی بارے سوچا ہی نہیں تھا نہ کبھی شادی کے خواب دیکھے تھے جب تک میں اس شخص سے نہیں ملی تھی

نیویارک (این این آئی) مشہور امریکی گلوکارہ ٹیلر سوئفٹ نے انکشاف کیا ہے کہ این ایف ایل اسٹار ٹریوس کیلسی ہی وہ شخص ہیں جس کی وجہ سے انہیں پہلی بار شادی پر یقین آیا۔ 14 مرتبہ گریمی ایوارڈ جیتنے والی گلوکارہ نے برطانوی گلوکارہ ایما ہنٹن کے ساتھ ایک ریڈیو شو میں گفتگو میں اپنی منگنی، شادی کے خیالات اور مستقبل کے منصوبوں پر کھل کر بات کی۔ ٹیلر سوئفٹ نے کہا کہ لوگ سمجھتے ہیں کہ میں شاید ہمیشہ سے شادی اور دلہن بننے کے خواب دیکھتی رہی ہوں لیکن حقیقت یہ ہے کہ میں نے کبھی اس بارے میں سوچا ہی نہیں تھا نہ میں نے کبھی شادی کے خواب دیکھے تھے جب تک میں اس شخص سے نہیں ملی تھی۔ انہوں نے کہا کہ ٹریوس کیلسی سے ملنے کے بعد سب بدل گیا، اس کے ساتھ تعلق نے میری سوچ بالکل بدل دی، یہ پہلی بار ہے جب میں نے شادی کے بارے میں حقیقت میں سوچا۔ انہوں نے مزید کہا کہ میری زندگی کا یہ نیا باب مجھے بے حد خوشی دے رہا ہے، میں اس نئے سفر کے لیے واقعی پرجوش ہوں۔ ٹیلر نے ہنستے ہوئے مزید بتایا کہ میری قریبی سہیلیاں دنیا کے مختلف حصوں میں رہتی ہیں، جس کی وجہ سے بیچلوریٹ پارٹی کی منصوبہ بندی بھی ایک دلچسپ چیلنج بن گئی ہے۔ مداحوں نے میری منگنی کے بعد مجھے Married Life Era میں داخل قرار دیا، مگر میں نے نرمی سے اس تاثر کی تردید کی، میں ابھی صرف منگنی شدہ ہوں، یہ سب ابھی ہوا ہی ہے، میں اس لمحے کو جینے میں مصروف ہوں۔ انہوں نے بتایا کہ ٹریوس نے منگنی کی پیشکش اپنے پوڈکاسٹ New Heights کے ایک اسپیسوڈ کی ریکارڈنگ کے فوراً بعد کی تھی۔ جب شادی کے شیڈول کے بارے میں پوچھا گیا تو ٹیلر نے کہا کہ فی الحال میری ترجیح میرا نیا البم The Life of a Showgirl ہے، شادی کی منصوبہ بندی بعد میں دیکھیں گے۔ یاد رہے کہ ٹیلر سوئفٹ اور ٹریوس کیلسی دونوں کی عمر 35 سال ہے اور انہوں نے 26 اگست کو اپنی منگنی کا اعلان کیا تھا۔

اداکارہ سید تنویر حسین نے اپنی دوسری اہلیہ کی وفات کو زندگی کا سب سے غمگین لمحہ قرار دیدیا

سید تنویر حسین کئی ڈراموں زرد پتوں کا بن، جینٹلمین اور دستک میں اپنی شاندار اداکاری کے جوہر دکھا چکے ہیں

کراچی (این این آئی) سینئر اداکار سید تنویر حسین نے اپنی دوسری اہلیہ کی وفات کو اپنی زندگی کا سب سے غمگین لمحہ قرار دیتے ہوئے اس واقعے کی تفصیلات سنائیں۔ حال ہی میں سید تنویر حسین نے اپنی اہلیہ سیدہ طاہرہ کے ہمراہ نجی ٹی وی پروگرام میں شرکت کی، جہاں انہوں نے اپنی زندگی کے کچھ انجان پہلوں پر روشنی ڈالی۔ سید تنویر حسین نے انکشاف کیا کہ وہ تین بار شادی کر چکے ہیں، ان کی پہلی شادی کامیاب نہ ہوسکی اور طلاق پر ختم ہوئی، جب کہ دوسری شادی اس وقت ختم ہوئی جب ان کی اہلیہ اور ان کے چار بچوں کی والدہ جگر کے کینسر کے باعث انتقال کرگئیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ان کی اہلیہ کی عمر صرف 40 سال تھی جب ان کی وفات ہوئی، ان کو جگر کا کینسر تھا اور ڈاکٹرز نے واضح کردیا کہ وہ بچ نہیں سکیں گی۔ اداکار نے بتایا کہ اہلیہ اکثر کہا کرتی تھیں کہ وہ جلد ہی اس دنیا سے رخصت ہو جائیں گی، جب کہ تنویر حسین انہیں دلاسہ دیتے تھے کہ سب کچھ ٹھیک ہو جائے گا۔ ان کے مطابق وہ اپنی بیوی کے علاج کے لیے چیچہ وطنی سے لاہور پبلک ٹرانسپورٹ کے ذریعے آتے جاتے تھے، ایک بار اسی سلسلے میں وہ سفر کر رہے تھے، بیوی کو وین میں بٹھانے ہی والے تھے کہ اچانک ایک پولیس کانسٹیبل نے وین کو آگے جانے کا اشارہ دے دیا اور وین والے نے انہیں بٹھائے بغیر گاڑی چلادی۔

معروف اداکار ہمایوں سعید نے نوجوانی کی یادیں شیئر کردیں

کراچی (این این آئی) معروف اداکار ہمایوں سعید نے نوجوانی کی یادیں شیئر کرتے ہوئے بتایا کہ وہ ایک لڑکی کو پسند کرتے تھے، جسے خدا حافظ کہنے کے لیے وہ ٹرین میں سوار ہوگئے تھے۔ ہمایوں سعید نے نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ 18 سال کی عمر میں وہ ایک لڑکی سے محبت کرتے تھے جو ان کے چچا کے محلے میں رہتی تھی، وہ لڑکی کو دیکھنے کے لیے چچا کے گھر ٹیوشن پڑھانے جاتے تھے اور ٹیوشن کے بعد چھت پر چڑھ کر اس کی ایک جھلک دیکھنے کی کوشش کرتے تھے۔ ان کے مطابق ایک دن چچا کو شک ہوگیا اور انہوں نے یہ بات ان کے والد کو بتادی، والد نے پوچھا تو انہوں نے جھوٹ بول کر انکار کیا، جس پر والد نے غصے میں آکر انہیں تھپڑ مارا، وہ واقعہ آج بھی انہیں یاد ہے۔ اداکار نے یہ بھی بتایا کہ اسی لڑکی کو دیکھنے کے لیے وہ ایک مرتبہ حیدرآباد جانے والی ٹرین میں بھی سوار ہوگئے تھے، انہیں معلوم ہوا تھا کہ لڑکی اپنے گھر والوں کے ساتھ حیدرآباد جا رہی ہے، تو وہ اسے خدا حافظ کہنے کے لیے ٹرین میں سوار ہوئے اور بڑی مشکل سے اس کے ڈبے میں جا کر اسے اپنی شکل دکھائی، جس پر وہ لڑکی بھی حیران رہ گئی۔

شعیب ملک نے ثناء جاوید سے علیحدگی کی خبروں کو غلط قرار دیدیا

لاہور (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شعیب ملک نے اپنی اہلیہ اداکارہ ثنا جاوید سے علیحدگی کی خبروں کو غلط قرار دے دیا۔ ثانیہ مرزا کے سابق شوہر اپنی تیسری بیوی ثنا جاوید سے علیحدگی کی خبروں پر ایک بار پھر غیر ملکی میڈیا کی سرخیوں میں ہیں۔ پاکستانی ٹیسٹ کرکٹر و سابق کپتان شعیب ملک نے ایسی خبروں کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے کہا کہ یہ سب بکواس ہے، الحمدللہ میری ازدواجی زندگی بہت اچھی اور خوشگوار گزر رہی ہے، میرا بیٹا دبئی میں ہوتا ہے اور میری والدہ سیالکوٹ میں رہتی ہیں، میں کراچی میں رہتا ہوں، پروفیشنل ذمہ داریوں کی وجہ سے مصروفیت رہتی ہے لیکن اس قسم کی خبروں میں کوئی صداقت نہیں ہے۔

دوستی پر مبنی شادی ایک بڑی نعمت ہے، اداکار گوہر رشید

کراچی (این این آئی) اداکار گوہر رشید نے انکشاف کیا ہے کہ کبری خان نے شادی کیلئے میری پیشکش ٹھکرادی تھی لیکن میں نے ہار نہیں مانی۔ حال ہی میں ایک انٹرویو میں انہوں نے بتایا کہ وہ اور کبری خان ابتدا میں صرف اچھے دوست تھے دونوں کا کوئی رومانوی تعلق نہیں تھا مگر وقت کے ساتھ یہ دوستی محبت میں بدل گئی۔ گوہر رشید کے مطابق وہ ہمیشہ سے مکہ مکرمہ میں نکاح کرنے کی خواہش رکھتے تھے اور اتفاق سے کبری خان بھی یہی چاہتی تھیں، قسمت نے جب دونوں کو ایک کیا تو ان کا نکاح بھی مقدس سرزمین مکہ میں ہی ہوا۔ اداکار نے مسکراتے ہوئے بتایا کہ محبت کی شروعات ان کی طرف سے ہوئی، وہ شروع سے ہی کبری کی طرف مائل تھے مگر دوست ہونے کی وجہ سے کبھی اس زاویے سے نہیں سوچا۔ کبری نے ابتدا میں میری پیشکش قبول نہیں کی مگر میں نے ہار نہیں مانی اور آخر کار کبری خان نے ہاں کہہ دی۔ انہوں نے کہا کہ دوستی پر مبنی شادی ایک بڑی نعمت ہے کیونکہ اس میں اعتماد اور سمجھ بوجھ کا رشتہ پہلے سے قائم ہوتا ہے۔

بقیہ 1

میں بھارت پاکستان کا کوئی بھی طیارہ نہیں گرا سکا، پاکستان بھارت کے ساتھ ہتھیاروں کی دوڑ میں شامل نہیں، چینی ہتھیار توقعات پر پورا اترے۔غیر ملکی جریدے بلومبرگ کو انٹرویو میں پاک فوج کے ترجمان نے واضح کیا کہ پاکستان نے کبھی بھی اعداد وشمار اور حقائق سے کھیلنے یا چھپانے کی کوشش نہیں کی۔ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان کی فوجی ترقی کی حکمتِ عملی موثر اور کارآمد نظاموں کو شامل کرنے اور ملکی دفاعی ٹیکنالوجی کو فروغ دینے پر مبنی ہے۔خصوصی انٹرویو میں ڈی جی آئی ایس پی آر نے زور دیا کہ پاکستان مشرق اور مغرب دونوں سے جدید ٹیکنالوجی حاصل کرتا ہے، اپنی اندرونی صلاحیتوں کو بھی مضبوط کر رہا ہے۔لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان کا دفاعی نقطہ نظر مسابقت کے بجائے تکنیکی کارکردگی اور عملی موثریت پر مبنی ہے۔انہوں نے کہا کہ ہماری فوجی ترقی کی حکمتِ عملی ہمیشہ مقرر اور کارآمد نظاموں اور ملکی پاکستانی ٹیکنالوجی کو شامل کرنے پر مرکوز رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان ہر قسم کی ٹیکنالوجی حاصل کرنے کے لیے تیار ہے، چاہے وہ مقامی طور پر تیار کی گئی ہو یا مشرق یا مغرب سے حاصل کی جائے، جو اسلام آباد کے دفاعی جدیدیت کے عملی مقصد کو ظاہر کرتا ہے۔پاکستان کے دفاعی مقصد کی وضاحت کرتے ہوئے ڈی جی آئی ایس پی آر نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ ملک بھارت کے ساتھ کسی ہتھیاروں کی دوڑ میں شامل نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان بھارت کے ساتھ ہتھیاروں کی دوڑ میں شامل نہیں، پاکستان کے دفاعی اقدامات کشیدگی میں اضافے کے بجائے علاقائی استحکام اور بازدار صلاحیت پر مبنی ہیں۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان کبھی بھی حقائق یا اعداد وشمار کو چھپانے یا ان سے کھیلنے کی کوشش نہیں کرتا، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ شفافیت پاکستان کے دفاعی پیغام رسانی کی بنیاد ہے۔انٹرویو کے دوران لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے اپنا موقف دہرایا کہ بھارت مئی میں ہونے والی جھڑپوں کے دوران کسی بھی پاکستانی طیارے کو گرانے میں ناکام رہا۔انہوں نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ایک ہفتہ قبل کے بیان کا بھی حوالہ دیا، جنہوں نے کہا تھا کہ مئی کے تصادم میں 7 طیارے مار گرائے گئے تھے۔بلومبرگ کے مطابق پاکستان کے چینی ساختہ جے-10 سی لڑاکا طیاروں نے فیصلہ کن کردار ادا کیا، اور معرکہ حق آپریشن کے دوران متعدد بھارتی فضائیہ کے طیارے، بشمول رافیل کو نشانہ بنایا۔ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف نے تصدیق کی کہ پاکستانی ہتھیاروں بشمول چینی نظاموں کی کارکردگی غیر معمولی رہی، جو پاک فوج نے ان جھڑپوں میں استعمال کیے۔انہوں نے پاکستان کے دفاعی نظاموں کی عملی تیاری اور تکنیکی اعتماد کی تعریف کی جو ملکی جدت اور بین الاقوامی شراکت داری کے امتزاج سے تیار کیے گئے ہیں۔بلومبرگ کی رپورٹ کے مطابق، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے بتایا کہ اگست میں پاکستان نے اپنے ہتھیاروں میں چینی ساختہ زیڈ- 10 ایم ای (Z-10ME) اٹیک ہیلی کاپٹر شامل کرنے کا اعلان کیا تھا۔رپورٹ میں کہا گیا کہ پاکستان کے پاس چینی نظاموں کے ساتھ ساتھ امریکی ساختہ ایف-16 طیارے بھی موجود ہیں، جو ایک متنوع اور متوازن دفاعی خریداری حکمتِ عملی کو ظاہر کرتا ہے، جو اعتماد اور کارکردگی دونوں پر مبنی ہے۔

بقیہ 2

ہے کہ صہیونی ریاست اسرائیل کا وجود عالمی امن کے لیے مستقل خطرہ ہے، فلسطین فلسطینیوں کا ہے کوئی دو ریاستی حل قبول نہیں۔فلسطینیوں نے تاریخ رقم کی ہے جنہوں نے دو سال سے مقابلہ کر کے اسرائیل کا غرور خاک میں ملا دیا ہے۔ ہزار فلسطینوں کا قاتل ٹرمپ کیسے امن کا داعی بن سکتا ہے۔اسرائیل کو ناکامی و دلدل سے نکالنے اور جنگی جرائم کے مرتکب نیتن یاہو کو بچانے کے لیے اب وہ میدان میں آیا ہے۔گریٹر اسرائیل کا خواب کبھی پورا نہیں ہوگا۔اصل فریق حماس جو بھی فیصلہ کرے وہ پورے عالم اسلام کا موقف ہے۔ بانی پاکستان حضرت قائد اعظم محمد علی جناح نے اسرائیل کو ایک ناجائز ریاست قرار دیا تھا، تسلیم کرنے کا مقصد گریٹر اسرائیل کا راستہ کھولنا ہے۔قائد اعظم کے اصولوں کے برعکس فیصلے قوم قبول نہیں کرے گی۔ مسلم لیگ ن، پیپلز پارٹی اور پی ٹی آئی اپنے ذاتی مفادات کے لیے تو سب کچھ کرتی ہیں مگر ٹرمپ کی سرپرستی میں غزہ میں جاری انسانیت کے قتل عام پر امریکہ و اسرائیل کی مذمت اور بائیکاٹ کیوں نہیں کرتے۔ پاکستان اور سعودی عرب کے رمیان دفاعی معاہدہ خوش آئند بات ہے مگر اصل کامیابی تب ہوگی جب پوری امت متحد ہوجائے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے حیدرآباد پریس کلب پر منعقدہ چلڈرن غزہ مارچ سے خطاب کے دوران کیا۔ جماعت اسلامی کے تحت منعقدہ مارچ میں اسکول کے بچے و اساتذہ بڑی تعداد میں شریک تھے۔ جنہوں نیہاتھوں میں حماس قائدین اور شہید ہونے والے معصوم بچوں کی تصاویر اٹھا رکھی تھیں اور فری فری فلسطین کے نعرے لگا رہے تھے۔صوبائی سیکرٹری اطلاعات مجاہد چنا، حیدرآباد کے امیر حافظ طاہر مجید، جنرل سیکریٹری حنیف شیخ، الخدمت کے صدر نعیم عباسی یوتھ کے صدر عرفان قائمخانی ودیگر ذمے داران بھی اس موقع پر ساتھ موجود تھے۔لیاقت بلوچ کا مزید کہنا تھا کہ ہم واضح کرنا چاہتے ہیں کہ اسرائیل کو تسلیم کرنیوالوں کو قوم معاف نہیں کرے گی۔ صہیونی قابض ریاست کے حوالے سے قائداعظم محمد علی جناح واضح پالیسی دے کر گئے ہیں اور یہی پاکستان کی داخلہ و خارجہ پالیسی ہے کہ اسرائیل ایک ناجائز ریاست ہے، اسے کسی طور بھی تسلیم نہیں کیا جاسکتا انہوں نے کہا کہ بیت المقدس فلسطین کی سرزمین پاکیزہ جگہ ہے، یہ سرزمین فلسطینیوں کی ہے، اسلام سے وابستہ ہے، ان کے پاس کھانے کو کچھ نہیں، مائیں اپنے معصوم بچوں کو لے کر بیٹھی ہیں قحط کا شکار ہیں اسی طرح شہادتیں ہورہی ہیں، ۷ ہزار فلسطینی شہید ہوگئے ہیں، سب سے بڑی تعداد خواتین بچوں کی ہیں، اسرائیل کی جانب سے یہ نسل کشی کی جارہی ہے، فلسطینی بہادر بچے اسرائیلی بمباری سے نہیں ڈرے وہ یہودیوں کے سامنے ڈٹ کر کھڑے ہوئے ہیں، چھوٹے چھوٹے فلسطینی بچے سڑک سے پتھر اٹھا کر صیہونی فوجیوں کو مارتے ہیں، گھر تباہ ہوگئے ہیں، عمارتیں ملبہ بن گئیں ہیں، لیکن وہاں کہ لوگ اسی ملبے پر بیٹھ کر قرآن پڑھتے ہیں، فلسطین میں کسی نے بھی ظلم کے مقابلے میں کمزوری کا اظہار نہیں کیا، فلسطین میں اسپتال تباہ ہوگئے ہیں، فلسطین کے بچے بہادر بچے ہیں، گلوبل صمود فلوٹیلا میں ممالک کے رضا کار تھے، غیر مسلم زیادہ تھے، سابق سینیٹر مشتاق احمد کی قیادت میں پاکستان کی نمائندگی تھی، اس فلوٹیلا کو سلام اور اسرائیل کی مذمت کرتے ہیں۔

بقیہ 3

حملہ کیس کا جیل ٹرائل بحال کردیا گیا، پنجاب حکومت نے جیل ٹرائل کا نوٹیفکیشن جاری کردیا۔میڈیا رپورٹ کے مطابق عمران خان کا جیل ٹرائل انسداد دہشت گردی (اے ٹی سی) راولپنڈی میں کیا جائے گا، 9 مئی جی ایچ کیو حملہ کیس کی سماعت (آج) بدھ کو اڈیالہ جیل میں ہونے کا امکان ہے۔ذرائع نے بتایا ہے کہ جیل سپریٹنڈنٹ نے سی پی او راولپنڈی کو اضافی سیکورٹی نفری کیلئے خط لکھ دیا جس میں کہا گیا کہ 9 مئی سے متعلق کل کیس کا جیل ٹرائل ہے۔خط میں کہا گیا کہ مقدمے میں 109 ملزمان، 150 وکلا جیل کے باہر سے پیش ہوں گے، فول پروف سیکیورٹی انتظامات کے لئے جیل کے اطراف اضافی سیکیورٹی نفری تعینات کی جائے۔اس سے قبل، پنجاب کابینہ نے سیکیورٹی وجوہات کے بنا پر بانی پی ٹی آئی کو بذریعہ ویڈیو لنک پیش کرنے کی اجازت دیدی۔پنجاب کابینہ اجلاس میں فیصلہ تکنیکی وجوہات کی بنا پر کیا گیا، وزیراعلیٰ پنجاب نے فیصلہ کابینہ کے سامنے منظوری کے لیے پیش کرنے کی ہدایت کی تھی۔انسداد دہشت گردی ایکٹ 1997 کے تحت کیے گئے فیصلے پر محکمہ قانون اور پراسیکیوشن نے احکامات بھی جاری کردیئے ہیں۔خیال رہے کہ پنجاب حکومت نے 15 ستمبر کو اس کیس کا جیل ٹرائل ختم کرتے ہوئے مقدمے کو انسداد دہشت گردی عدالت راولپنڈی منتقل کرنے کا نوٹیفکیشن جاری کیا تھا۔

بقیہ 4

سے ملاقات کی۔ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال اور خصوصا سندھ اور پنجاب حکومت کے درمیان پائے جانے والے تناؤ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔صدرِ مملکت نے وزیرِ داخلہ کو موجودہ سیاسی حالات میں کردار ادا کرنے کی ہدایت کردی جبکہ دونوں رہنماں نے اتحادی جماعتوں کے درمیان رابطوں کو مزید موثر بنانے پر بھی اتفاق کیا۔ذرائع کے مطابق پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کے درمیان جاری مکالمے کی جنگ کو ختم کرنے کے لیے مذاکراتی ماحول پیدا کیا جارہا ہے۔ذرائع نے بتایا کہ محسن نقوی کی (آج) بدھ کو وزیراعظم شہباز شریف سے ملاقات متوقع ہے جب کہ وزیراعظم سے رواں ہفتے پیپلز پارٹی کی اعلی قیادت کی اہم ملاقات بھی متوقع ہے۔

بقیہ 5

ساتھ مل کر افغانستان میں استحکام اور امن کے عزم کو دہرایا ہے، جب کہ اس نے پڑوسی ملک میں دہشت گردوں کی موجودگی پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔یہ پیش رفت ماسکو میں ہونے والے چہار فریقی اجلاس کے موقع پر سامنے آئی ہے۔روسی وزارتِ خارجہ کی ویب سائٹ پر بتایا گیا ہے کہ یہ پیش رفت ماسکو فارمیٹ کنسلٹیشنز برائے افغانستان کے ساتویں اجلاس کے پس منظر میں ہوئی ہے جس میں بھارت، ایران، قازقستان، چین، کرغزستان، پاکستان، روس، تاجکستان، ترکمانستان اور ازبکستان کے نمائندے افغانستان سے متعلق امور پر گفتگو کے لیے شریک ہوئے۔پاکستان کے افغانستان کے لیے خصوصی ایلچی محمد صادق خان اس وقت روس میں موجود ہیں، انہوں نے ایک پوسٹ میں بتایا کہ چہار فریقی اجلاس میں ہونے والی بات چیت کے دوران شرکا نے ایک مستحکم، خودمختار اور پرامن افغانستان کے عزم کا اعادہ کیا، اور اس بات پر زور دیا کہ افغانستان کو دہشت گردی اور بیرونی مداخلت سے پاک ہونا چاہیے۔افغانستان میں موجود دہشت گرد گروہوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے، ایلچی نے کہا کہ شرکا نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بہتر ہم آہنگی اور مشترکہ کارروائی پر اتفاق کیا۔علاوہ ازیں صادق خان نے اپنے چینی اور ایرانی ہم منصبوں کے ساتھ الگ الگ ملاقاتوں میں علاقائی سلامتی، انسدادِ دہشت گردی کے تعاون اور افغانستان میں انسانی بحران کے مسائل پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ایک بیان میں کہا گیا کہ ایرانی ہم منصب محمد رضا بہرامی کے ساتھ ملاقات میں، صادق خان نے افغانستان میں تازہ ترین صورتحال، بالخصوص دہشت گردی پر تفصیلی گفتگو کی۔انہوں نے کہا کہ دونوں فریقین نے مشترکہ چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے مسلسل بات چیت اور ہم آہنگی کی اہمیت پر زور دیا۔صادق خان کے بیان میں کہا گیا کہ چین کے نمائندے یوشیاد یونگ کے ساتھ ملاقات میں، دونوں ممالک نے خطے میں پائیدار امن اور استحکام کے فروغ کے لیے مربوط حکمتِ عملی پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ ملاقات نے پاکستان اور چین کے درمیان مضبوط شراکت داری کو اجاگر کیا جو مشترکہ چیلنجوں سے نمٹنے اور علاقائی ترقی کو فروغ دینے کے لیے کام کر رہی ہے۔صادق خان نے اپنے روسی ہم منصب ضمیر کابلوف کے ساتھ بھی ملاقات کی، جس میں افغانستان میں علاقائی تعاون کو فروغ دینے کے اقدامات پر بات ہوئی۔

بقیہ 6

خودارادیت کے حق سے محرومی کی جانب مبذول کروائی ہے۔پاکستانی مندوب نے عالمی برادری پر زور دیا کہ 21ویں صدی میں کسی بھی قسم کی نوآبادیاتی یا قابض طاقت کی گنجائش نہیں ہونی چاہئے، نوآبادیاتی نظام کا خاتمہ صرف ماضی کا باب نہیں، بلکہ آج بھی دنیا کے کئی خطے ایسے ہیں جہاں اقوام غیر ملکی تسلط کا سامنا کر رہی ہیں، جن میں فلسطین اور مقبوضہ جموں و کشمیر سرفہرست ہیں۔انہوں نے اسرائیلی بمباری کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ دو برسوں میں 000,66 سے زائد فلسطینی شہید ہو چکے ہیں جن میں اکثریت خواتین اور بچوں کی ہے، اسرائیل نے بین الاقوامی قوانین اور انسانی حقوق کو پامال کیا ہے، سکول، ہسپتال اور رہائشی عمارتیں جان بوجھ کر تباہ کی گئیں جبکہ امدادی کارکنوں اور صحافیوں کو نشانہ بنایا گیا۔انہوں نے زور دیا کہ مشرق وسطیٰ میں پائیدار امن فلسطینی عوام کے حقِ خودارادیت کے بغیر ممکن نہیں، 1967 سے پہلے کی سرحدوں پر ایک خودمختار فلسطینی ریاست کے قیام اور القدس الشریف کو دارالحکومت بنانا ضروری ہے۔پاکستانی مندوب نے بھارتی زیرِ قبضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ تنازع اقوام متحدہ کے ایجنڈے پر سب سے پرانا حل طلب مسئلہ ہے، سلامتی کونسل کی قراردادیں واضح طور پر ایک غیر جانبدارانہ رائے شماری کے ذریعے مسئلہ کشمیر کے حل کا تقاضا کرتی ہیں، جسے بھارت مسلسل نظر انداز کر رہا ہے۔انہوں نے 5 اگست 2019 کے بھارتی اقدامات کو غیر قانونی قرار دیتے ہوئے کہا کہ بھارت کی یکطرفہ کوششیں سلامتی کونسل کی قراردادوں کی صریح خلاف ورزی ہیں اور ان کا کوئی قانونی جواز نہیں۔عاصم افتخار نے دنیا کو بتایا کہ مقبوضہ کشمیر دنیا کا سب سے زیادہ عسکریت زدہ علاقہ بن چکا ہے جہاں 9 لاکھ سے زائد بھارتی فوجی تعینات ہیں، مادرائے عدالت قتل، جبری گمشدگیاں، تشدد اور حراستیں معمول بن چکی ہیں، کشمیری قیادت قید میں ہے، اور کئی رہنما دورانِ حراست جان کی بازی ہار چکے ہیں۔پاکستانی مندوب نے کہا کہ بھارت مقبوضہ وادی میں آبادیاتی تبدیلی کے لیے ایک منصوبہ بند کوشش کر رہا ہے، جس کے تحت غیر کشمیریوں کو ڈومیسائل سرٹیفکیٹس دیے جا رہے ہیں اور کشمیریوں کی زمینوں پر قبضہ کیا جا رہا ہے، یہ ہندوتوا نظریے کے تحت ایک مسلم اکثریتی علاقے کو ہندو اکثریتی علاقے میں تبدیل کرنے کی کوشش ہے۔خطاب کے اختتام پر پاکستانی مندوب نے کہا کہ جنوبی ایشیا میں پائیدار امن کا راستہ مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل سے ہو کر گزرتا ہے، امن ناانصافی یا حقوق کی پامالی کی بنیاد پر قائم نہیں ہوسکتا، اقوام متحدہ اپنی قراردادوں پر عملدرآمد یقینی بنائے اور مقبوضہ اقوام کو ان کا جائز حق دلوائے۔

بقیہ 7

شرائنز ناصر محمود چوہان نے اجلاس کو یاتریوں کے لیے کیے گئے انتظامات کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ بابا گورونانک دیو جی کے جنم دن کی تقریبات 4 نومبر سے 13 نومبر تک جاری رہیں گی جبکہ مرکزی تقریب 5 نومبر کو گوردوارہ جنم استھان ننکانہ صاحب میں منعقد ہوگی۔دنیا بھر سے تیس ہزار کے لگ بھگ سکھ یاتری ان تقریبات میں شرکت کریں گے جبکہ بھارت سے دوطرفہ معاہدے کے تحت تین ہزار سکھ یاتری پاکستان آئیں گے۔یاتری ننکانہ صاحب، فاروق آباد، شیخوپورہ، حسن ابدال، کرتار پور، ایمن آباد اور لاہور سمیت مختلف مقامات کا دورہ کریں گے۔صوبائی وزیر سردار رمیش سنگھ اروڑہ نے ہدایت کی کہ یاتریوں کے لیے فول پروف سیکیورٹی، میڈیکل، رہائش اور ٹرانسپورٹ کے بہترین انتظامات کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ گوردوارہ جنم استھان ننکانہ صاحب سمیت تمام گوردواروں میں گیس اور بجلی کی بلاتعطل فراہمی برقرار رکھی جائے۔صوبائی وزیر نے واضح کیا کہ "یہ معاملہ پاکستان کی عزت و وقار کا ہے، اس میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔" انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ یاتریوں کو بہترین سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام انتظامات بروقت مکمل کیے جائیں۔رمیش سنگھ اروڑہ نے کہا کہ امیگریشن کے لیے ایف آئی اے اضافی کاؤنٹرز قائم کرے تاکہ یاتریوں کو کسی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔انہوں نے مزید کہا کہ پنجاب حکومت اور متروکہ وقف املاک بورڈ باہمی اشتراک سے تمام انتظامات مکمل کریں گے جبکہ محکمہ اقلیتی امور اور متروکہ وقف املاک بورڈ اپنے فوکل پرسنز بھی نامزد کریں۔انہوں نے واضح کیا کہ سکھ یاتریوں کی سکیورٹی کے معاملے پر زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے گی اور گوردواروں کے اطراف میں ایسی خوراک اشیاء کی فروخت ممنوع ہوگی جو سکھ مذہب میں منع ہیں۔رمیش سنگھ اروڑہ نے مزید ہدایت دی کہ تمام گوردواروں کے نزدیک واک تھرو گیٹس کی تنصیب کے ساتھ ساتھ سڑکوں کی تعمیر و مرمت کو بھی فوری طور پر مکمل کیا جائے تاکہ یاتریوں کی آمدورفت میں آسانی ہو۔صوبائی وزیر نے تمام محکموں کو ہدایت کی کہ وہ اپنی تیاریاں انتہائی ذمہ داری اور تندہی سے مکمل کریں تاکہ پاکستان آنے والے سکھ یاتریوں کو بہترین میزبانی اور سہولتیں فراہم کی جاسکیں۔اجلاس میں چیئرمین متروکہ وقف املاک بورڈ ساجد محمود چوہان، سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی، سپیشل سیکرٹری داخلہ فضل الرحمان، ایڈیشنل سیکرٹری شرائنز ناصر محمود چوہان اور متعلقہ محکموں کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔مختلف اضلاع کے کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز، آر پی اوز، ڈی پی اوز اور سیکیورٹی اداروں کے نمائندگان نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شمولیت اختیار کی۔

بقیہ 8

ملزم شفیق کی درخواست ضمانت پر ٹرائل کورٹ سے رپورٹ طلب کرلی۔چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ عالیہ نیلم نے ملزم محمد شفیق کی درخواست ضمانت پر سماعت کی۔ملزم کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ ٹرائل میں غیر معمولی تاخیر ہورہی ہے، اسی بنیاد پر درخواستِ ضمانت دائر کی گئی ہے۔چیف جسٹس عالیہ نیلم نے ریمارکس دیئے کہ ٹرائل کورٹ سے اس حوالے سے رپورٹ طلب کر لیتے ہیں۔عدالت نے ٹرائل سے متعلق تفصیلی رپورٹ طلب کر لی گئی۔کیس رپورٹ موصول ہونے کے بعد سماعت کیلئے مقرر کیا جائے گا۔

بقیہ 9

ہیں۔ترجمان پنجاب پولیس نے تفصیلات بتاتے ہوئے کہا کہ کانسٹیبل محمد مزمل کو علاج معالجے کیلئے 05 لاکھ روپے فنڈز جاری کیے گئے۔کانسٹیبل محمد عظیم کو کینسر کے علاج کے لیے 05 لاکھ روپے دیے گئے۔انڈر آفیسر منیب سلطان کو ٹیومر کے علاج کے لیے اڑھائی لاکھ روپے فنڈز جاری کیے گئے۔ریٹائرڈ اسکیٹر یا قرشاہ اور اے ایس آئی قیصر محمود کو علاج معالجے کی مد میں ایک ایک لاکھ روپے دیے گئے۔ہیڈ کانسٹیبل سیف الرحمٰن، احمد ندیم اور جونیئر پٹرولنگ آفیسر جاوید اقبال کو علاج معالجے کے لیے ایک ایک لاکھ روپے فنڈز جاری کیے گئے۔اسی طرح ریٹائرڈ اسسٹنٹ محمد ریاض اور ریٹائرڈ انسپکٹر محمد اقبال کو مجموعی طور پر ڈیڑھ لاکھ روپے کی مالی معاونت فراہم کی گئی۔آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے فنڈز کے اجراء کی منظوری میڈیکل فنانشل اسسٹنس کمیٹی کی سکروٹنی کے بعد دی۔آئی جی پنجاب نے کہا کہ پنجاب پولیس اپنے ملازمین کو مختلف اداروں کے ساتھ ایم او یوز کے تحت بھی علاج معالجے کی بہترین سہولیات فراہم کر رہی ہے۔

بقیہ 10

حصہ ہیں، اسی طرح ستھرا پنجاب بھی میری ٹیم کا حصہ ہے۔ستھرا پنجاب کی ٹیم نے شہر، دیہات، گلی محلوں، سڑکوں کو صاف کیا ان کی شکر گزار ہوں۔سیلاب کے دوران سول ڈیفنس، ریسکیو، پولیس، کمشنرز، ڈپٹی کمشنر، کابینہ اور ستھرا پنجاب کی ٹیموں نے بھرپور کام کیا۔سیلاب کے دوران ستھرا پنجاب کی ٹیم انسانی زنجیر بنا کر سیلابی ریلے کو روک رہے تھے۔ریسکیو کا کام ستھرا پنجاب کی ٹیم کا نہیں تھا لیکن انسانی ہمدردی کے پیش نظر انہوں نے دن رات کام کیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ستھرا پنجاب کے ورکرز کو تصویر پر لگے کیچڑ کو صاف کرتے دیکھ کر خوشی ہوئی۔ساہیوال میں ستھرا پنجاب کے ورکرز گلی محلوں میں اعلان کرکے کوڑا کڑکٹ اٹھتے کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ میں لوگوں کے خواب پورا کرنے کی کوشش کرتی ہوں، ستھرا پنجاب کی ٹیم نے میرے خواب پورے کیے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ستھرا پنجاب کی ڈیڑھ لاکھ فورس پر مشتمل ٹیم دنیا کی سب سے بڑی ٹیم ہے۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے وزیر بلدیات ڈیشان رفیق اور سیکرٹری لوکل گورنمنٹ کو شاباش دی۔انہوں نے کہا کہ شہباز شریف کی حکومت ختم ہوتے ہی صفائی کا نظام بھی ختم ہوگیا تھا۔گوگی پنکی کے دور میں پاکستان کے ہر شہر، گلی محلے اور سڑکوں پر گندگی کے ڈھیر پڑے ہوئے تھے۔سیلاب متاثرہ علاقوں میں امدادی سرگرمیاں قابل تعریف ہیں۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے متاثرہ علاقوں میں امدادی سرگرمیوں پر رضا کاروں کو خراج تحسین پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ دور میں چند افراد کی صفائی ستھرائی پر مشتمل ٹیم تھی۔لاہور، راولپنڈی، ملتان اور بہاولپور جیسے بڑے شہروں کے علاوہ پورے صوبے میں صفائی کا کوئی بندوبست نہیں تھا۔موجودہ حکومت نے ڈیڑھ لاکھ پر مشتمل ستھرا پنجاب ٹیم تشکیل دی۔انہوں نے کہا کہ لوگ اب کوڑے والا نہیں کہتے بلکہ صفائی والے ورکرز کہہ کر پکارتے ہیں۔ہر ضلع میں صفائی ستھرائی کیلئے مشینیں بھجوا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایک سال کے اندر تمام اضلاع میں سٹیٹ آف دی آرٹ ستھرا پنجاب کا پورا سسٹم نافذ ہے۔ پورے پنجاب میں 35 ہزار مشینری آئمفر اور لاکھوں کی تعداد میں کنٹریز موجود ہیں۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ گزشتہ دور میں عیدالاضحیٰ پر کئی کئی ہفتے آلائشیں گلی محلوں میں پڑی رہتی تھیں لیکن اب عیدالاضحیٰ پر صرف دو گھنٹوں میں ہی آلائشوں کو ٹھکانے لگا دیا گیا۔آج عوام کے پاس وزیراعلیٰ، منسٹر اور ادارے کے اہلکار جاتے ہیں۔ہر ضلع کے پاس اس کی اپنی مشینری موجود ہے، دوسرے اضلاع سے مانگنے کی کوئی ضرورت نہیں۔شہروں میں پھر بھی صفائی ہوتی لیکن دیہات میں اس کا تصور ہی نہیں تھا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ بیٹیاں اپنے گھروں کو صاف ستھرا رکھتی ہیں، آج پنجاب کا کونہ کونہ چمک دمک رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ شہباز شریف کہتے تھے کہ مریم نواز اتنے بڑے صوبے کو کیسے سنبھالے گی لیکن آج شہباز شریف مجھے ملتے ہیں تو کارکردگی دیکھ کر شاباش دیتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ تعلیم، صحت، صفائی، سڑکوں کی بحالی اور سواری عوام کے بنیادی حق ہیں۔عوام کے ان حقوق کیلئے صدقے دل اور پوری ایمانداری سے کام کررہی ہوں۔ پنجاب کے طلبہ کو ہونہار سکالرشپ اور لیپ ٹاپ دے رہیں تاکہ ان کی تعلیم میں حرج نہ آسکے۔ پورے پنجاب میں کرائم کی شرح صفر ہوگئی ہے۔انہوں نے کہا کہ گزشتہ دور حکومت میں ڈاکے اور خواتین کو ہراساں کیا جارہا تھا۔خواتین کو ہراساں کرنے والوں کو آج 24 گھنٹے کے اندر اندر گرفتار کرلیا جاتا ہے۔مریم نواز ان دماغوں کی بھی صفائی کررہی ہے جو پنجاب کی ترقی سے جلتے ہیں۔اگر میں پنجاب کے عوام کی بات نہیں کروں گی تو کون کرے گا؟۔ترقی اور صفائی کا ایک انقلاب برپا ہوگیا ہے۔سندھ، بلوچستان اور خیبر پختونخوا کو صاف ستھرا اور ترقی یافتہ دیکھنا چاہتی ہوں۔اگر سڑکیں خراب، بسیں ٹوٹی پھوٹی، آٹا مہنگا اور گلی محلے گندے ہیں تو اپنی حکومتوں سے سوال کریں۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ طلبہ کو لیپ ٹاپ نہیں ملتے، روزگار نہیں مل رہا، تو اپنی حکومت سے سوال کریں۔ترقی، صفائی ستھرائی، لیپ ٹاپ اور روزگار عوام کا حق ہیں۔

بقیہ 11

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کو ہٹانے کا مطالبہ کردیا۔ایک بیان میں مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ وزیراعلیٰ نے صوبے کو برباد کردیا ہے، علی امین گنڈاپور خیبر پختونخوا کے مفادات کو نقصان پہنچا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ وہ سمجھتے ہیں کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کو ایک دن بھی عہدے پر نہیں رہنا چاہیے۔

بقیہ 12

دیا ہے۔الیکشن کمیشن کے مطابق امیدوار 8 اور 9 اکتوبر کو کاغذات نامزدگی جمع کرا سکیں گے، کاغذات کی جانچ پڑتال 14 اکتوبر کو ہوگی جبکہ 15 اکتوبر تک کاغذات کی منظوری یا مسترد کیے جانے کے خلاف اپیلیں دائر کی جاسکیں گی۔الیکشن ٹریبونل 17 اکتوبر کو اپیلوں پر فیصلہ دے گا، 18 اکتوبر کو غیر حتمی فہرست جاری کی جائے گی۔الیکشن کمیشن کی جانب کہا گیا ہے کہ امیدوار 20 اکتوبر تک کاغذات واپس لے سکیں گے، سینیٹ کی ضمنی الیکشن کے لیے پولنگ 30 اکتوبر کو ہوگی۔الیکشن کمیشن کے مطابق ضمنی الیکشن شبلی فراز کی نااہلی پر خالی نشست پر ہو رہے ہیں۔

بقیہ 13

تھانا شرقی میں درج کرلیا گیا۔اس حوالے سے درج کی گئی ایف آئی آر کے مطابق صنم جاوید کو پشاور کی مصروف شاہراہ پر روکا گیا اور 5 افراد زبردستی گاڑی میں بٹھا کر لے گئے۔اس سے قبل پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے سیکریٹری اطلاعات شیخ وقاص اکرم کا سوشل میڈیا پر دعویٰ سامنے آیا تھا کہ پارٹی کی رہنما صنم جاوید کو پشاور سے اٹھا لیا گیا ہے۔شیخ وقاص کے مطابق واقعہ پشاور کی ایک مصروف شاہراہ پر پیش آیا جہاں دو گاڑیوں نے صنم جاوید کی گاڑی کا راستہ روکا۔ان کے بقول نامعلوم افراد نے صنم جاوید کو ان کی ساتھی خواتین کے سامنے زبردستی گاڑی سے نکالا اور اپنی گاڑیوں میں ڈال کر لے گئے۔

بقیہ 14

گفتگو کرتے ہوئے عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی جانب سے روز پریس کانفرنس کی جارہی ہیں، روز گالیاں دی جارہی ہیں، اگر ان کو جواب نہ دیں تو کیا کریں؟ پیپلز پارٹی کو وفاق کو کمزور کرنا ہے اس لیے انہوں نے پنجاب حکومت کو نشانہ بنایا، مجھے سمجھ نہیں آرہا کہ پیپلز پارٹی چاہ کیا رہی ہے، کیا ہمارے لوگ پریس کانفرنس نہیں کرسکتے، سخت زبان استعمال نہیں کرسکتے، ہم سخت بات کرسکتے ہیں لیکن ہمارے پاس ان سب کا وقت نہیں۔انہوں نے کہا کہ سندھ کا مسئلہ کیا ہے؟ سندھ کو پنجاب کے معاملات میں کیوں گھسنا ہے؟ شیری رحمان نے سینیٹ میں کہا کہ اتنی بڑی مصیبت آئی ہے ہمیں کام کرنے دیں، ہم بھی تو یہی کہہ رہے ہیں کہ ہمیں کام کرنے دیں، آپ کا مشورہ سر آنکھوں پر، ہم نے آپ کے مشورے پر جواب دے دیا، صوبائیت کارڈ تو ہر وقت سندھ کی طرف سے کھیلا جاتا ہے، سیلاب کے معاملے پر پیپلز پارٹی نے کہاں مدد کی ہے؟ عظمیٰ بخاری کا کہنا تھا کہ بی آئی ایس پی کے سروے پر بہت سے سوالات اٹھے، یہ سروے غربت کے لیے ہے اور پنجاب میں سروے مختلف نوعیت کا ہورہا ہے، میں نے کہا تھا کہ بی آئی ایس پی کا سروے مختلف ہے، اس کی بنیاد پر پنجاب حکومت پر یلغار کی گئی، یہ کہاں کی سیاست ہے، سیلاب متاثرین کے لیے سروے ہورہا ہے، 17 اکتوبر کو سیلاب متاثرین کو چیکس تقسیم کیے جائیں گے، ایک ماہ میں نقصانات کا سروے کرا کر سیلاب متاثرین کو اپنے گھروں میں بسانا ہمارا ٹاسک ہے۔صوبائی وزیر نے مزید کہا کہ اگر معافی تلافی کا معاملہ ہے تو سندھ حکوم

پیپلز پارٹی کی حمایت سے حکومت بنی، ہمارے بغیر سسٹم نہیں چل سکتا گورنر پنجاب

اب پی ٹی آئی نے ساتھ دینے کا اعلان تو کر دیا مگر بے اعتبار جماعت کی وجہ سے یہ مشکل فیصلہ ہے، سردار سلیم حیدر خان

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کی حمایت سے حکومت بنی اور ہم نے نظام میں بہتری کے لیے مسلم لیگ (ن) کا ساتھ دیا، اب اگر وہ نمبر پورے بھی کر لے تو پیپلز پارٹی کے بغیر یہ سسٹم نہیں چل سکتا، اگر قربانی کو تسلیم نہیں کیا جائے گا تو قیادت سے درخوست ہے کہ جیالوں کی امنگوں کے مطابق فیصلہ کریں۔ چرچ آف پاکستان کے زیر اہتمام سیلاب متاثرین میں ریلیف پیکج تقسیم کرنے کی تقریب۔

میانی: نجی اسکول کے طلباء کی فلسطین سے اظہارِ یکجہتی ریلی میانی میں نجی اسکول کے طلباء کی جانب سے فلسطینی عوام سے اظہارِ یکجہتی کے لیے ایک ریلی نکالی گئی

یہ ریلی جماعتِ اسلامی کے زیرِ انتظام منعقد کی گئی، جس میں بڑی تعداد میں طلباء، اساتذہ اور شہریوں نے شرکت کی

سرگودھا سے محمد زبیر بھٹی میڈیا ڈائریکٹر پاور آف پاکستان نیوز ایجنسی کی رپورٹ کے مطابق۔میانی: نجی اسکول کے طلباء کی فلسطین سے اظہارِ یکجہتی ریلی میانی میں نجی اسکول کے طلباء کی جانب سے فلسطینی عوام سے اظہارِ یکجہتی کے لیے ایک ریلی نکالی گئی۔ یہ ریلی جماعتِ اسلامی کے زیرِ انتظام منعقد کی گئی، جس میں بڑی تعداد میں طلباء، اساتذہ اور شہریوں نے شرکت کی۔ ریلی بھیرہ ملکوال روڈ سے شروع ہو کر کمیٹی روڈ سے ہوتی ہوئی میلاد چوک پر اختتام پذیر ہوئی۔ شرکائے ریلی نے ہاتھوں میں فلسطینی پرچم اور بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر آزادیِ فلسطین اور اسرائیلی جارحیت کے خلاف نعرے درج تھے۔ شرکاء نے "دو ریاستی حل نامنظور" اور "فلسطینی عوام کی جدوجہد کو سلام" کے نعرے بلند کیے۔ مقررین نے اپنے خطابات میں عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ اسرائیلی مظالم کا نوٹس لے اور فلسطینیوں کے حقِ خودارادیت کو تسلیم کرے۔ ریلی کے اختتام پر فلسطینی شہداء کے لیے دعا کی گئی اور طلباء نے عالمی امن کے قیام کے لیے اپنی حمایت کا اظہار کیا

زندگی کا سفر اور تین حقیقتیں: معاشرت، سیاست، مذہب

قلمِ حق

انجینئر بخت سید یوسفزئی

(بریڈفورڈ، انگلینڈ)

engr.bakht@gmail.com

یہ جو میں بات کرنے جا رہا ہوں، وہ صرف ایک علمی یا فکری مضمون نہیں بلکہ میری اپنی زندگی کے تجربات، مشاہدات اور احساسات کا نچوڑ ہے۔ میں نے اپنی زندگی میں معاشرت، سیاست اور مذہب، ان تینوں کو نہ صرف پڑھا بلکہ جیا بھی ہے۔ میں نے دیکھا کہ انسان جب اکیلا رہتا ہے تو ادھورا ہوتا ہے، مگر جب دوسروں کے ساتھ جڑتا ہے تو مکمل بنتا ہے۔ اسی رشتے کا نام معاشرت ہے۔ میرے بچپن کا گاؤں سادہ مگر محبت سے بھرا ہوا تھا۔ ہم سب ایک دوسرے کے دکھ سکھ میں شریک ہوتے تھے۔ کسی کے گھر خوشی ہوتی تو پورا محلہ خوش ہوتا، کسی پر مصیبت آتی تو سب کندھا دینے پہنچ جاتے۔ تب میں نے پہلی بار سمجھا کہ معاشرت کا مطلب صرف ساتھ رہنا نہیں بلکہ ایک دوسرے کے لیے جینا ہے۔ میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا کہ جب لوگوں میں عدل، محبت اور ایثار ہو تو غربت بھی شرم محسوس کرتی ہے۔ مگر جب خودغرضی آ جائے تو دولت کے باوجود دل خالی رہتا ہے۔ معاشرت کا حسن پیسے میں نہیں بلکہ اخلاق میں چھپا ہے۔ وقت گزرتا گیا، میں نے بڑے شہروں کا رخ کیا۔ وہاں انسانوں کے ہجوم میں انسانیت کھوئی ہوئی نظر آئی۔ ہر شخص مصروف، ہر چہرہ تھکا ہوا۔ تب احساس ہوا کہ جدید معاشرت نے ہمیں سہولتیں تو دے دی ہیں مگر دلوں کا سکون چھین لیا ہے۔ معاشرت صرف تعلقات کا نہیں بلکہ رویوں کا نام ہے۔ میں نے محسوس کیا کہ جب ہم دوسروں کے لیے آسانیاں پیدا کرتے ہیں تو دراصل اپنی روح کو سکون دیتے ہیں۔ اگر ہم دوسروں کے ساتھ رحم دل نہیں تو ہماری عبادتیں بھی ادھوری رہتی ہیں۔ میں نے دیکھا کہ ایک اچھی معاشرت کی بنیاد ہمیشہ تعلیم، عدل اور اخلاق پر قائم ہوتی ہے۔ جب ان میں سے کوئی چیز کمزور ہو جائے تو معاشرہ بکھرنے لگتا ہے۔ پھر زندگی کے ایک موڑ پر میرا واسطہ سیاست سے پڑا۔ شروع میں سمجھتا تھا کہ سیاست طاقت کا کھیل ہے، مگر جب قریب سے دیکھی تو جانا کہ اصل سیاست خدمت کا نام ہے۔ میں نے چند ایسے لوگوں کو بھی دیکھا جنہوں نے اقتدار کو عبادت سمجھا اور وہی قوم کے لیے روشنی بنے۔ مگر زیادہ تر سیاستدانوں کو دیکھا کہ وہ اپنی ذات کے گرد چکر لگاتے ہیں۔ عوام ان کے لیے نعرے ہیں، خدمت نہیں۔ تب دل دکھا کہ اگر سیاست خدمت سے خالی ہو جائے تو ظلم لازمی جنم لیتا ہے۔ میں نے سوچا کہ اگر سیاست میں دیانت ہو، وعدہ سچ ہو، اور نیت خالص ہو تو یہ دنیا بدل سکتی ہے۔ مگر افسوس ہم نے سیاست کو ذاتی مفاد کا میدان بنا دیا۔ اسی وجہ سے معاشرت ٹوٹ گئی اور انصاف کمزور ہو گیا۔ میں نے اپنے سفر میں یہ بھی دیکھا کہ سیاست جب مذہب سے جدا ہو جاتی ہے تو انسان خودغرض بن جاتا ہے۔ وہ صرف طاقت کا بھوکا رہ جاتا ہے، اصولوں سے خالی۔ مذہب ہی وہ روشنی ہے جو سیاست کو عدل اور انسانیت کی طرف لے جاتی ہے۔ میں نے بارہا سوچا کہ اگر ہمارے رہنما اپنے فیصلوں میں مذہبی اصولوں کو شامل کر لیں تو قوم کبھی تباہ نہ ہو۔ مذہب سیاست کو پاکیزگی دیتا ہے، جبکہ سیاست مذہب کو عملی شکل۔ پھر میں نے مذہب کو سمجھنے کی کوشش کی۔ نہ صرف کتابوں سے بلکہ اپنی زندگی کے تجربات سے۔ میں نے دیکھا کہ مذہب انسان کو خوف نہیں بلکہ امید دیتا ہے۔ مذہب ہمیں یہ احساس دلاتا ہے کہ دنیا عارضی ہے، مگر اعمال کا حساب باقی ہے۔ جب کوئی انسان اپنے رب کے سامنے جواب دہی کا احساس رکھتا ہے تو وہ دوسروں کے ساتھ ظلم نہیں کر سکتا۔ مذہب نے مجھے سکھایا کہ اصل عبادت انسانیت کی خدمت ہے۔ میں نے قرآن مجید کی وہ آیت دل میں بٹھا لی۔ "بے شک اللہ عدل، احسان اور قرابت داروں کو دینے کا حکم دیتا ہے، اور بے حیائی، برائی اور ظلم سے منع کرتا ہے۔" (سورۃ النحل: 90) یہ آیت میری زندگی کا اصول بن گئی۔ میں نے سیکھا کہ اگر ہم عدل کریں، بھلائی پھیلائیں اور ظلم سے بچیں تو دنیا خود بہتر بن جائے گی۔ میں نے دیکھا کہ مذہب کے بغیر سیاست اندھی ہوتی ہے، اور سیاست کے بغیر معاشرت بے نظام۔ ان دونوں کو اگر ایمان کی رسی سے جوڑ دیا جائے تو زندگی میں برکت آتی ہے۔ میری زندگی میں کئی ایسے مواقع آئے جب مذہب نے مجھے بچایا۔ جب غصہ آیا تو ایمان نے روکا۔ جب ناانصافی کا سامنا ہوا تو قرآن کی تعلیم نے صبر دیا۔ جب مایوسی نے گھیر لیا تو دعا نے راستہ کھولا۔ میں نے یہ بھی محسوس کیا کہ مذہب محض مسجدوں میں نہیں بلکہ دلوں میں ہونا چاہیے۔ اگر دل بدل جائے تو پورا نظام بدل جاتا ہے۔ میں نے دیکھا کہ وہی معاشرت خوشحال ہے جہاں لوگ اپنے اخلاق سے دوسروں کو متاثر کرتے ہیں۔ وہی سیاست کامیاب ہے جہاں حکمران اپنے لوگوں کے دکھ کو اپنا دکھ سمجھتے ہیں۔ اور وہی مذہب زندہ ہے جو انسانوں کے دلوں کو جوڑتا ہے۔ میری زندگی کے تجربات نے مجھے سکھایا کہ یہ تینوں، معاشرت، سیاست اور مذہب، ایک دوسرے کے بغیر ادھورے ہیں۔ اگر ایک کمزور ہو جائے تو باقی بھی بگڑ جاتے ہیں۔ میں نے سادہ دیہاتی زندگی میں محبت دیکھی، شہری سیاست میں خودغرضی دیکھی، مگر مذہب میں سکون پایا۔ یہی سکون میں دوسروں تک پہنچانا چاہتا ہوں۔ میں آج بھی یقین رکھتا ہوں کہ اگر ہم اپنی معاشرت کو محبت، اپنی سیاست کو خدمت اور اپنے مذہب کو سچائی پر قائم کر لیں تو دنیا امن کا گہوارہ بن سکتی ہے۔ زندگی کے اتنے تجربات کے بعد میں بس اتنا جان پایا ہوں کہ مذہب روشنی ہے، سیاست ذمہ داری ہے، اور معاشرت محبت ہے۔ یہ تینوں اگر ایک ساتھ چلیں تو انسان مکمل انسان بنتا ہے۔ یہ میرا مشاہدہ، میرا یقین اور میرا ایمان ہے کہ اللہ نے ہمیں ان تین ستونوں کے ذریعے ایک خوبصورت توازن دیا ہے۔ اگر ہم نے اسے سنبھال لیا تو دنیا بھی سنور جائے گی اور آخرت بھی۔ میں اپنی زندگی کے ہر تجربے میں یہی سیکھا کہ جب نیت صاف ہو، دل نرم ہو، اور ایمان مضبوط ہو تو ہر راستہ آسان بن جاتا ہے۔ اور آج میں یقین سے کہتا ہوں کہ اگر ہم اپنی زندگی کو ان تین بنیادوں پر استوار کر لیں تو ہم نہ صرف اچھے انسان بن سکتے ہیں بلکہ ایک مثالی معاشرہ بھی قائم کر سکتے ہیں۔

چاند میں داغ ہے؟

ازقلم: سیف علی خان ترین

میں نے اِک شب سوچا، اب چھوڑ دوں گا لکھنا۔ لکھتا ہوں مٹاتا ہوں پھر لکھتا ہوں، پھر مٹاتا ہوں۔ آخر کیوں لکھتا ہوں کیوں مٹاتا ہوں؟ الفاظ جو آتے ہیں اِک بند کمرے سے، کمرہ جو کہلائے دل، دل جو ٹوٹ گیا تھا شاید کبھی۔ اب باقی الفاظ ہر وقت ہی سمندر پر جھاگ جیسے، آچمٹتے ہیں مجھے ویسے۔ جھوٹے پر خدا کی لعنت، جو بوئے وہی پائے، بندر کیا جانے مولی کا سواد، جو گرجتے ہیں برستے نہیں، ناچ نہ جانے آنگن سیدھا۔ کچھ تو لوگ کہینگے، لوگوں کا کام ہے کہنا۔ چاند میں داغ ہے، یہ بھی پتا لگا آج، اٹھائی کتاب، قلم اور صندوق۔ قلم رگی جب، سیاہی بہہ گئی تب۔ آنسو گرے بے ساختہ، دکھ ہوا کچھ کم۔ ہو گئی شب، اور قصے لکھ لیے تھے سب۔ پینے میں شرابور تھی جرسی، راہ میں اب بیٹھے تھے چرسی۔ ماحول خوب بنتا تب، مجھے بھی ہوتی نشے کی طلب۔ طلب کیا کمزوری تھی، میری جستجو بھی انہونی تھی۔ چاند کو دیکھنے جانا تھا، جیب میں نہ انا تھا۔ رکشے پے جب جائیں گے، چاند کو دیکھ کے آئینگے۔ نشئی دوسرے کا جواب آیا: "چاند میں بھی داغ تھے، کل ہی خواب میں آیا تھا۔" میں ہنسا تو مڑے سب، اور میں جتنے میں بات کرتا، وہ گھر پہنچ گئے تھے سب۔ میں نے بھی صندوق پکڑی چل دیا واپس گھر کی طرف، چلتے ہوئے پھر اُڑنے لگا خیالوں کے جہاز میں، تجربہ ایک پھیلائے بازو، کھڑا تھا میرے ہی انتظار میں، شاخ لگی سر پر ایسے، میری ہی آڑ میں تھی بیٹھی جیسے۔ اُٹھا پھر، جھاڑا الباس، صندوق اٹھایا پھر ساتھ۔ اب کبھی نہ لکھوں گا، بس لکھ لینے دو مجھے آج۔ آج جو لکھا پڑھ رہے ہو؟ یا صرف آگے بڑھ رہے ہو؟

شکار پور ریلوے ٹریک پر دھماکا، جعفر ایکسپریس کی 4 بوگیاں پٹڑی سے اتر گئیں

ٹرین راولپنڈی سے کوئٹہ جا رہی تھی، 4 مسافر معمولی زخمی ہوئے، زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا

شکار پور (این این آئی) شکار پور کے گاؤں سلطان کوٹ کے قریب ریلوے ٹریک پر زوردار دھماکہ ہوا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق دھماکے سے راولپنڈی سے کوئٹہ جانے والی جعفر ایکسپریس کی 4 بوگیاں پٹڑی سے اتر گئیں، دھماکے میں 4 مسافر معمولی زخمی ہوئے ہیں، زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ جعفر ایکسپریس سلطان کوٹ کے قریب ریلوے ٹریک سے گزر رہی تھی کہ زوردار دھماکا ہوا۔

قرض کو پائیداری کا نیا نام نہیں دیا جا سکتا، سرمایہ کاری لانا ہوگی، مدثر مسعود چوہدری

امریکہ، سعودیہ سے قربت کے تعلقات سے استفادہ کرنے کی عملی مرتب کی جائے، سینئر وائس چیئرمین پیاف

لاہور (این این آئی) پاکستان انڈسٹری اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن فرنٹ (پیاف) کے سینئر وائس چیئرمین و سابقہ ایگزیکٹو کمیٹی ممبر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری مدثر مسعود چوہدری نے کہا ہے کہ حکومت کو ایک ایسا پائیدار فریم ورک تشکیل دینے کی ضرورت ہے جس پر عملدرآمد سے پاکستان کی ساکھ کو بہتر بنایا جا سکے، قرض سے کسی بھی صورت معاشی ترقی ممکن نہیں ہو سکتی اس لئے ہمیں سرمایہ کاری کے حصول کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھانا ہوں گے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ یہ ایک حقیقت ہے کہ قرض لینے کو پائیداری کا نیا نام نہیں دیا جا سکتا بلکہ یہ ایک بوجھ ہے جس کے نیچے ہم بری طرح دب چکے ہیں، پاکستان کو امریکہ سے انتہائی قربت کے تعلقات اور سعودی عرب سے ہونے والے باہمی دفاعی معاہدے سے استفادہ کرنے کیلئے فی الفور حکمت عملی مرتب کرنی چاہیے۔

پنجاب کھلی مارکیٹ مینجمنٹ اینڈ ڈویلپمنٹ کمپنی کے سی ای او بلال ہاشم کوڈی جی خان میں پہلی ماڈل مویشی کے منصوبے بارے ہمہ جہتی دی جا رہی ہے۔

آن لائن نوکریوں کے بہانے حساس معلومات حاصل کرنے کی بھاری سازش بے نقاب

جعلی بھارتی کمپنیوں اور ویب سائٹس نے پرکشش تنخواہ اور آن لائن جاب آفرز کے ذریعے لوگوں کو فریب میں مبتلا کیا، پی ٹی اے کو خط

اسلام آباد (این این آئی) قانون نافذ کرنے والے اداروں کو موصول ہونے والی اطلاعات میں آن لائن نوکریوں کے بہانے پاکستانی شہریوں سے ملک کے حساس تنصیبات اور ان کی لوکیشن کی معلومات حاصل کرنے کی بھارتی مبینہ سازش کا انکشاف ہوا ہے۔ سکیورٹی ایجنسیز نے اس سلسلے میں پی ٹی اے کو خط لکھ کر فوری اقدامات کی درخواست کی ہے۔ جعلی بھارتی کمپنیوں اور ویب سائٹس نے پرکشش تنخواہ اور آن لائن جاب آفرز کے ذریعے لوگوں کو فریب میں مبتلا کیا۔

کراچی: سندھ کے وزیر بلدیات، ہاؤسنگ و ٹاؤن پلاننگ سندھ سید ناصر حسین شاہ سے مس ہاؤ جرجیو کی سربراہی میں چین کے سرمایہ کاروں کا وفد ملاقات کر رہا ہے۔

سندھ کے سینئر وزیر اور وزیر محنت سے الیکٹرک کار ساز کمپنی کے وفد کی ملاقات

الیکٹرک گاڑیوں کی ٹیکنالوجی نہ صرف روزگار کے نئے مواقع پیدا کرے گی

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن سے الیکٹرک کار ساز کمپنی کے وفد نے ملاقات کی، ملاقات میں صوبائی وزیر برائے محنت و سماجی تحفظ سعید غنی بھی شریک ہوئے۔ وفد نے صوبائی وزراء کو اپنی تیار کردہ الیکٹرک گاڑیوں (ای وی) کے ماڈلز، مقامی سطح پر اسمبلنگ اور چارجنگ انفرااسٹرکچر کے منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ وفد کی جانب سے سندھ حکومت کے ساتھ شراکت داری کے امکانات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور حکومت سندھ عوام کے لیے جدید، ماحول دوست اور کم لاگت سفری سہولتیں فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے چاہتے ہیں کہ جلد از جلد الیکٹرک ٹیکسی سروس شروع کی جائے تاکہ شہریوں کو بہتر سفری سہولت میسر آئے۔ انہوں نے کہا کہ الیکٹرک گاڑیوں سے ایندھن کی بچت کے ساتھ ماحولیاتی آلودگی میں بھی کمی ہوگی۔ حکومت سندھ پبلک ٹرانسپورٹ اور دیگر شعبوں سے متعلق نجی شعبے کے ساتھ مل کر جامع منصوبہ بندی کر رہی ہے۔

چینی سرمایہ کاروں کی وزیر بلدیات سندھ سے ملاقات

توانائی، ٹرانسپورٹ، ہاسنگ، واٹر مینجمنٹ اور انفرااسٹرکچر کے شعبوں میں بے شمار مواقع موجود ہیں، سید ناصر شاہ

کراچی (این این آئی) صوبائی وزیر بلدیات، ہاسنگ و ٹاؤن پلاننگ سندھ سید ناصر حسین شاہ سے چین کے سرمایہ کاروں کے ایک وفد نے ملاقات کی اور سندھ حکومت کے ساتھ مشترکہ طور پر ترقیاتی منصوبوں میں سرمایہ کاری کی پیشکش کی۔ چینی وفد نے کہا کہ وہ کراچی سمیت پورے صوبہ سندھ میں ڈویلپمنٹ کے مختلف منصوبوں میں سرمایہ کاری کے خواہاں ہیں تاکہ انفرااسٹرکچر، ٹرانسپورٹ، رہائش اور شہری سہولیات کے معیار کو بہتر بنایا جا سکے۔ وزیر بلدیات سید ناصر حسین شاہ نے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے وژن اور وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی ہدایت پر صوبے میں ترقیاتی عمل تیزی سے جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے دیگر صوبوں کے مقابلے میں سندھ میں ریکارڈ ترقیاتی منصوبے مکمل کیے گئے ہیں۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔

لاہور معروف مذہبی سکالر مولانا طارق جمیل جامعہ اشرفیہ لاہور میں طلباء سے خطاب کر رہے ہیں

سی سی پی او لاہور کی زیر صدارت اقبال ٹاؤن اور صدر ڈویژنز کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس

بلال صدیق کمیانہ کی ساؤتھ افریقہ پاکستان کرکٹ سیریز کے دوران بہترین سکیورٹی انتظامات کی ہدایت

لاہور (این این آئی) محکمہ پولیس میں کرپشن کسی صورت قبول نہیں، کرپشن کی شکایت پر سخت ایکشن لیا جائے گا۔ یہ بات سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ نے گزشتہ روز کیپٹل سٹی پولیس ہیڈ کوارٹرز میں اقبال ٹاؤن اور صدر ڈویژنز کی ماہانہ کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں دونوں ڈویژنز کی مجموعی کارکردگی اور پیشہ ورانہ امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ سی سی پی او لاہور نے ساؤتھ افریقہ پاکستان کرکٹ سیریز کے دوران بہترین سکیورٹی انتظامات کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ سپروائزری افسران اپنی ذمہ داریاں دلجمعی سے ادا کریں اور ماتحت عملے کی کارکردگی پر کڑی نظر رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیس اپنے بہترین طرز عمل سے شہریوں کو تحفظ کا احساس دلائے۔ سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہوائی فائرنگ کے قبیح رجحان پر سختی سے قابو پایا جائے۔

حیدرآباد: نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ جماعت اسلامی ضلع حیدرآباد کے تحت حیدرآباد پریس کلب روڈ پر چلڈرن فرز مارچ کے شرکا سے خطاب کر رہے ہیں۔

سندھ حکومت کا پیپلز انفارمیشن ٹیکنالوجی پروگرام میں توسیع کا فیصلہ

پروگرام کے تحت میٹرک پاس طلبہ کو مفت آئی ٹی کورسز فراہم کیے جائیں گے

کراچی (این این آئی) صوبہ سندھ میں نوجوانوں کو انفارمیشن ٹیکنالوجی کی جدید تعلیم فراہم کرنے کے لیے پیپلز انفارمیشن ٹیکنالوجی پروگرام میں توسیع کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس پروگرام کے تحت میٹرک اور انٹر پاس طلبہ کو مفت آئی ٹی کورسز فراہم کیے جائیں گے۔ محکمہ انفارمیشن سائنس و ٹیکنالوجی کے تعاون سے چلنے والے اس منصوبے میں آئندہ مرحلوں میں 35 ہزار طلبہ کو دو ماہ کے شارٹ کورسز کرائے جائیں گے۔ کورسز تین نامور تعلیمی اداروں سے کروائے جائیں گے جن میں این ای ڈی یونیورسٹی کراچی، مہران انجینئرنگ یونیورسٹی حیدرآباد اور آئی بی اے سکھر شامل ہیں۔ پروگرام تین مراحل پر مشتمل ہوگا اور ہر مرحلے میں 7 ہزار طلبہ کورسز میں شرکت کریں گے، ان کورسز کی خاص بات یہ ہے کہ یہ مکمل طور پر مفت ہوں گے۔ پہلے مرحلے میں 13 ہزار طلبہ کامیابی کے ساتھ کورس مکمل کر چکے ہیں، جبکہ دوسرے مرحلے کے لیے 14 کروڑ روپے مختص کیے گئے ہیں جو مالی سال 2025 اور 2024 کے بجٹ میں شامل کیے جا چکے ہیں۔

سندھ: پنشن اور بقایا جات سے متعلق کٹوتی اور ادائیگیوں میں تبدیلیوں کا نوٹیفکیشن معطل

سرکاری ملازمین کے لیے بینوولنٹ فنڈ کی ادائیگی بلوچستان حکومت کے طرز پر ریٹائرمنٹ کے وقت کی جائے: سندھ ایمپلائز الائنس

کراچی (این این آئی) سندھ میں سرکاری ملازمین کی پنشن اور بقایا جات سے متعلق کٹوتی اور ادائیگیوں میں تبدیلیوں کا نوٹیفکیشن معطل کر دیا گیا ہے۔ سندھ کابینہ نے بلاول بھٹو زرداری کی ہدایت پر صوبے کے سرکاری ملازمین کی پنشن، بقایا جات سے متعلق کٹوتی اور ادائیگیوں میں تبدیلیوں کے نوٹیفکیشن معطل کرنے کی منظوری دے دی۔ چیف سیکرٹری کی سربراہی میں قائم کمیٹی بینوولنٹ فنڈ سے متعلق ملازمین کی شراکت، ادائیگی کے فارمولے، فوائد کے ڈھانچے اور قانونی ترامیم سے متعلق تفصیلی سفارشات تیار کرے گی۔ سندھ ایمپلائز الائنس نے مطالبہ کیا تھا کہ سرکاری ملازمین کے لیے بینوولنٹ فنڈ کی ادائیگی بلوچستان حکومت کے طرز پر ریٹائرمنٹ کے وقت کی جائے اور بینوولنٹ فنڈ کے فوائد کو صرف وفات یا معذوری کی صورت تک محدود نہ رکھا جائے۔

حیدرآباد: شاہ بھٹائی اسپتال لطیف آباد کی جانب سے غزہ میں مظالم کے خلاف مظاہرہ کیا جا رہا ہے۔

پاکستان کے قرضوں میں دو ماہ کے دوران 430 ارب روپے کی کمی

زیادہ تر کمی اندرونی قرضوں میں ہوئی، جو 398 ارب روپے کم ہو کر 54.073 کھرب روپے تک پہنچ گئے

کراچی (این این آئی) پاکستان کے قرضوں میں رواں مالی سال کے پہلے دو مہینوں (جولائی اور اگست 2025) کے دوران 430 ارب روپے کی کمی واقع ہوئی ہے۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے مطابق، جون 2025 کے آخر میں ملک کا کل قرض 888.77 کھرب روپے تھا جو اگست 2025 کے آخر تک کم ہو کر 458.77 کھرب روپے رہ گیا۔ اعداد و شمار کے مطابق زیادہ تر کمی اندرونی قرضوں میں ہوئی، جو 398 ارب روپے کم ہو کر 073.54 کھرب روپے تک پہنچ گئے۔ یہ کمی وفاقی حکومت کی جانب سے کم قرض لینے اور اسٹیٹ بینک کے منافع کی منتقلی کے باعث ہوئی۔ گزشتہ مالی سال میں اسٹیٹ بینک نے 5.2 کھرب روپے منافع کمایا، جس میں سے 4.2 کھرب روپے وفاقی حکومت کو دے دیے گئے۔ اس رقم سے حکومت کو اپنے کچھ قرض واپس کرنے میں مدد ملی اور قرض کا بوجھ کچھ کم ہو گیا۔

ضم اضلاع کے ترقیاتی منصوبوں کی فنڈنگ وفاقی حکومت کی ذمہ داری ہے، علی امین

وفاقی حکومت اپنی ذمہ داری پوری نہیں کر رہی۔ ضم اضلاع میں ترقیاتی کاموں کی تکمیل میں تاخیر سے لوگوں کو مسائل کا سامنا ہے

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین خان گنڈاپور کی زیر صدارت بذریعہ ویڈیو لنک ایک اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ پلان اور ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ ایتھیٹیو کے تحت ترقیاتی منصوبوں سے متعلق معاملات پر غور و خوض کیا گیا اور ان پروگراموں میں شامل اضلاع کی سطح پر جاری ترقیاتی منصوبوں پر فنانشل اور فیزیکل پراگریس اور دیگر امور کا تفصیلی جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ اہم فیصلے کئے گئے۔

کوئٹہ میں جلد از جلد بلدیاتی انتخابات مکمل کرنے کا حکم

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ہائیکورٹ نے الیکشن کمیشن کو کوئٹہ میں جلد از جلد بلدیاتی انتخابات مکمل کرنے کا حکم دے دیا۔ بلوچستان ہائیکورٹ نے حلقہ بندیوں کا اختیار آئینی طور پر الیکشن کمیشن کے دائرہ کار میں قرار دیا۔ عدالت نے کہا کہ درخواست گزار حلقہ بندیوں کے خلاف باضابطہ اعتراضات دائر کرنے میں ناکام رہے، کسی قانونی شق کی خلاف ورزی ثابت نہیں ہوئی۔

خیبر پختونخوا امتحانات میں طلبہ کی بڑی تعداد فیل، سخت ایکشن لینے کا فیصلہ

محکمہ تعلیم نے نتائج میں ناکامی پر متعلقہ سکول سربراہان اور اساتذہ کے خلاف کارروائی کے لیے ڈیٹا اکٹھا کرنا شروع کر دیا

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے سرکاری اسکولوں کے سالانہ امتحانات میں طلبہ کی کارکردگی غیر تسلی بخش قرار دے دی گئی۔ محکمہ تعلیم نے نتائج میں ناکامی پر متعلقہ سکول سربراہان اور اساتذہ کے خلاف کارروائی کے لیے ڈیٹا اکٹھا کرنا شروع کر دیا۔ محکمہ تعلیم کے ذرائع کے مطابق صرف تین تعلیمی بورڈز ایبٹ آباد، ملاکنڈ اور کوہاٹ میں ہونے والے میٹرک و انٹر امتحانات میں 5 لاکھ 92 ہزار 685 طلبا و طالبات نے شرکت کی جن میں سے ایک لاکھ 71 ہزار 250 طلبہ فیل ہو گئے۔ دستاویزات کے مطابق امتحانات میں 72 فیصد طلبہ پاس جبکہ 28 فیصد ناکام قرار پائے، ایبٹ آباد بورڈ میں 63 ہزار 602، ملاکنڈ بورڈ میں 24 ہزار 347 اور کوہاٹ بورڈ میں 83 ہزار 301 طلبہ فیل ہوئے۔

کراچی: جامعہ کراچی میں ٹیکس فائلنگ اور پنشن قواعد میں ترمیم کے اثرات پر منعقدہ آگاہی سیمینار سے اکاؤنٹنٹ جنرل سندھ کے اکاؤنٹس آفیسر طیب علی غوری خطاب کر رہے ہیں۔

کراچی میں دو الگ الگ پولیس مقابلے، 3 زخمیوں سمیت 4 ملزمان گرفتار

کراچی (این این آئی) شہر قائد میں پولیس اور جرائم پیشہ عناصر کے درمیان دو مختلف مقامات پر مبینہ پولیس مقابلے ہوئے جن کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں تین زخمی ملزمان سمیت چار ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس نے دونوں واقعات میں اسلحہ اور موٹر سائیکل برآمد کرنے کا دعویٰ بھی کیا ہے۔ پہلا مقابلہ پاک کالونی تھانے کی حدود میں میوہ شاہ کے ایم سی کٹ کے قریب پیش آیا۔

حیدرآباد، دوست سے جھگڑے کے بعد فائرنگ، نوجوان جاں بحق

فائرنگ کرنے والا ملزم عون محمد ارباب مقتول کا قریبی دوست تھا

حیدرآباد (این این آئی) تھانہ بلدیہ کی حدود میں واقع حر کیمپ کے علاقے میں معمولی تنازعے کے بعد دوست کی فائرنگ سے نوجوان جاں بحق ہو گیا۔ پولیس نے واقعے میں ملوث ملزم دوست کو گرفتار کر لیا ہے اور مزید تفتیش جاری ہے۔ پولیس کے مطابق، فائرنگ کے واقعے میں جاں بحق ہونے والے نوجوان کی شناخت عبدالعزیز کھوسو کے نام سے ہوئی ہے، جسے سینے پر دو گولیاں ماری گئیں۔ فائرنگ کے بعد زخمی نوجوان کو فوری طور پر اسپتال لے جایا گیا، تاہم وہ جانبر نہ ہو سکا۔ مقتول کی لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے سول اسپتال حیدرآباد منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق فائرنگ کرنے والا ملزم عون محمد ارباب مقتول کا قریبی دوست تھا۔ ابتدائی تحقیقات سے پتا چلا ہے کہ واقعے کے وقت مقتول ملزم اور ان کا ایک اور دوست اکٹھے موجود تھے،

ایجنسیوں کا جج، تقرر یا تبادلے میں آئینی کردار نہیں، جسٹس شکیل

5 درخواست گزار ججوں کے وکیل کا دعویٰ متاثر کن نہیں، جج مٹر انسفر کیس میں اختلافی نوٹ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے جسٹس شکیل احمد نے جج مٹر انسفر کیس میں اسلام آباد ہائی کورٹ کے 5 ججوں کے ساتھ اختلاف کرتے ہوئے کہا ہے کہ انٹیلی جنس ایجنسیوں